سلمان بن جعفر سی روایت کی ہی کہ حضرت امام رضاؑ نی نقل فرمایا ہی کہ بعد نماز صبح کی سو مرتبہ
پڑہو بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ کہ اسم اعظم سے
نزدیک تر ہی سیاہی چشم سی ساتہ سفیدی کے اور حضرت امام رضاؑ سی روایت ہی کہ یا حیُّ
یا قیّوم اسم اعظم ہی اور از جملہ روایات کہ بیچ باب اسم اعظم کی ذکر کی گئی ہین یہ ہی کہ حافظ محمد جزری نے
بیچ کتاب دعوات کی بروایت عبد السلم خوارزمی و بروایت انس کہ پیغمبر خدا نے ہنگام گذر کر
ابی عیاش زید بن صامت پر کہ وہ شخص بیٹہا یہ دعا پڑہتا تہا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنَّ لَکَ
الْحَمْدَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا مَنَّانُ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ
فرمایا کہ آیا جانتی ہو کہ یہ مرد کونسی دعا پڑہتا ہی لوگون نے عرض کے کہ خدا اور رسول بہتر جانتی ہین
پیغمبر خداؐ نے فرمایا کہ یہ اسم اعظم ہی جو کچہ کہ چاہو بواسطہ اس دعا کی خدا سی طلب کرو کہ
خدا عطا فرماتا ہی اور جو دعا کہ مانگو خدا مستجاب کرتا ہی اور روایت کی ہی کہ ایک شخص نے
پیغمبر خداؐ سی التماس کیا کہ آپ مجہی اسم اعظم تعلیم فرماوین حضرت نے فرمایا کہ وضو کر اور جو کچہ
کہ بتلاؤن اوسکو اوسطرح سی کہہ کہ مین اوسکو سنون پس اوس شخص نے وضو کیا اور اسکو پڑہا
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَسْمَائِکَ الْحُسْنٰی کُلِّھَا مَا عَلِمْتُ مِنْھَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ ۔ اَسْئَلُکَ
الْعَظِیْمَ الْاَعْظَمَ الْکَبِیْرَ الْاَکْبَرَ پیغمبر خداؐ نے فرمایا کہ پایا تو نے اسم اعظم کی تئین بحق خدا
عزّ وجلّ کہ جسنی میری تئین بحق ساتہ پیغمبری کے بہیجا ہی اور انس سی روایت کی ہی کہ پیغمبر خداؐ نے

فرمایا کہ یوشع بن نون وصی موسیٰ نی اس اسم خدا کو پڑہا تہا کہ خدا تعالی نے برکت سے
اوسکی آفتاب کو ٹہرا رکہا یہان تک کہ اونہون نے نماز ادا کی باذن تبارک وتعالی اَللّٰھُمَّ
اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاِسْمِکَ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمُ
بعد اسکی حضرت نے فرمایا کہ تم سمجہی اور یاد کیا یا پہر اسکو کہون انس نے عرض کی کہ پہر ارشاد
کیجیے پس پکر حضرت نے اس دعا کو فرمایا یہان تک کہ مینی یاد کر لیا پس انس کہتا ہی کہ جب
اس دعا کو مینی پڑہا دعا مستجاب ہوئی صالح نے حکایت کی ہی کہ خواب مین دیکہا مینی کہ کوئی شخص
مجہسی کہتا ہی کہ تجکو اسم اعظم تعلیم کرون کہ جب تو اوسکو پڑہ کی دعا کری تو تیری دعا مستجاب
ہووی مینی کہا کہ تعلیم کر او سنی کہا کہ کہو اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاِسْمِکَ الْمَخْزُوْنِ
الْمَکْنُوْنِ الْمُطَھَّرِ الطَّاھِرِ الْمُقَدَّسِ پس صالح کہتا ہی کہ کبہی ایسا نہین ہوا کہ دریا میں
یا خشکی مین اس دعا کو پڑہ کی دعا مانگی ہو اور وہ دعا مستجاب نہوئی ہو صاحب مہج الدعوات نے
ذکر کیا ہی کہ غالب نامی ایک شخص تہا کہ اوسنی بیس برس خدا سی دعا مانگی کہ بار خدایا مجکو
اسم اعظم تعلیم کر ایسا اسم اعظم کہ اوسکی برکت سی جو دعا مانگون مستجاب ہو اور جو چاہون مین تجہسی
وہ مجہی تو بخشا کری پس ایک شب حالت نماز مین اوسی سنا کہ کوئی شخص کہتا ہی کہ سن ای غالب
پس سنا تو نے بعد اوسکی غالب کہتا ہی کہ مین سو گیا خواب مین دیکہا کہ مین کہڑا ہون پس سنا مینی
کہ کوئی کہتا ہی کہ کہو یَا فَارِجَ الْغَمِّ وَیَا کَاشِفَ الْھَمِّ وَیَا مُوْفِیَ الْعَھْدِ وَیَا حَیُّ لَا اِلٰہَ
اِلَّا اَنْتَ منقول ہی کہ امام زین العابدین عہ نے فرمایا کہ سلمہ حرم محترم رسولخدا نے روایت
کی ہی کہ ایک روز پیغمبر خدا سی سوال کیا مینی اسم اعظم سی یہ سنتی ہی پیغمبر خدا صہ نے اپنا منہ پہیر لیا
اور کچہہ جواب نہ دیا بعد کئی دن کے پیغمبر خدا صہ ام سلمہ کی گہر مین تشریف لائی دیکہا کہ ام سلمہ
سجدہ مین اس دعا کو پڑہتی ہین اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَسْمَائِکَ الْحُسْنٰی مَا عَلِمْتُ مِنْھَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ

وَاَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ الْاَعْظَمِ الَّذِیْ اِذَا دُعِیْتَ بِهٖ اَجَبْتَ وَاِذَا سُئِلْتَ بِهٖ اَعْطَیْتَ
فَاِنَّ لَكَ الْحَمْدُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ بَدِیْعُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ
وَالْاِکْرَامِ صاحب مہج الدعوات لکہتی ہین کہ کتاب کہنہ مین لکہا دیکہا مینی کہ عیسی بن زید بن امام
زین العابدین ع نے اپنی جد بزرگوار یعنی علی بن الحسین ع سی روایت کی ہی کہ مدت تک مینے
خدا سی طلب اسم اعظم کی کیا کیا کہ خدا مجکو اسم اعظم تعلیم فرمائی کہ ناگاہ ایک شب نماز پڑہ رہا تہا
مین کہ آنکہہ میری لگ گئی بس خواب مین دیکہا مینی کہ سامنے سی رسولخدا صلعم تشریف لیے آتی ہیں
جب میری برابر آئی تو میری پیشانی کو بوسہ دیا اور فرمایا کہ کس چیز کو خدا سی طلب
کرتا ہی عرض کی مینی کہ ای جد بزرگوار مین چاہتا ہون کہ خدا اسم اعظم مجہی بتلاوی حضرت
رسالت پناہ صلعم نی فرمایا کہ ای فرزند لکہہ مینی عرض کہ کس چیز پر لکہون ارشاد کیا کہ اوسکو
اپنی کف دست یعنی ہتیلی پر یہ لکہہ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ وَحْدَكَ وَحْدَكَ لَا شَرِیْكَ
لَكَ اَنْتَ الْمَنَّانُ بَدِیْعُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ
وَذُوالْاَسْمَآءِ الْعِظَامِ وَذُوالْعِزِّ الَّذِیْ لَا یُرَامُ وَاِلٰهُکُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَا اِلٰهَ
اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِیْنَ یہ لکہوا کی حضرت نے
فرمایا کہ مانگ خدا سی جو مراد کہ چاہتا ہی حضرت امام زین العابدین ع فرماتی ہین کہ قسم
اوس خدا کی کہ جسنے محمد کو بحق ساتہ نبوت کے بہیجا ہی کہ آزمایا مینی کہ جسطرح حضرت نے
فرمایا تہا اوسیطرح سریع الاجابۃ ہی صاحب مہج الدعوات لکہتے ہین کہ ایک روایت اور
اسم اعظم کے باب مین عطا سی بیان کی جاتی ہی کہ اوسکی تئین تجربہ کیا ہی کہ یہ اسم اعظم
یہی بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحْمٰنُ یَا
نُوْرُ یَا نُوْرُ یَا ذَا الطَّوْلِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ہرچند یہ فصل طولانی تہی

مگر اسقدر پر اکتفا کی گئی **فصل نوین بیچ خواص بعض اسما حسنی کی** جان تو کہ جو
شخص کہ سو مرتبہ الرحمٰن الرحیم کو بعد ہر فریضہ کے کہی لطف الٰہی شامل حال اوسکی ہوگا
اور جو شخص کہ ہر روز جو نسٹھ مرتبہ المَلِکُ پڑہی ہمیشہ ملک اوسکی قبضہ مین رہیگا اور جو شخص کہ
ستر مرتبہ القُدُّوسُ کہی باطن اوسکا شوائب بدی سی پاک ہو اور جو شخص کہ السَّلامُ کہے
امراض سے شفا پاوی اور آفات سی سالم رہی اور اگر مریض پر اس اسم کو سو مرتبہ پڑہی وہ
مریض باذن خدا شفا پاوی اور جو شخص کہ ایک سو چھتیس مرتبہ المُؤمِنُ کہی امان پائیگا شر جن
و انس سے اور جو شخص کہ ایک سو پچیس مرتبہ المُہَیمِنُ کہی صفای باطن اور اطلاع اوپر
اسرار حقائق کے حاصل ہو اور جو شخص کہ چورانوی مرتبہ ہر روز بعد نماز صبح کے العَزِیزُ کہے
اوسپر علم کیمیا اور سیمیا منکشف ہو اور اگر ہر روز چالیس مرتبہ پڑہا کری کسیکا محتاج نرہی
اور جو شخص کہ ہر روز اکیس مرتبہ الجَبَّارُ کہی ایمن رہی ظلم ظالم سی اور جو شخص کہ الجَبَّارُ کو ظالم
و جابر کے نزدیک پڑہی وہ جابر ذلیل ہو اور بخضوع و تذلل پیش آوی اور جو شخص کہ اکثر الخَالِقُ
کہا کری یعنی بہت سی دفعہ ہر روز کہا کری تو نورانی اور روشن کریگا خدا قلب اوسکی کو اور
جو شخص کہ چودہ مرتبہ حالت سجدہ مین الوَہَّابُ کہی حقتعالی اوسی غنی کری اور اگر آخر شب کو
برہنہ سر دونو ہاتھ اوٹھا کی سو مرتبہ اسی اسم کو پڑہی حقتعالی اوسکی فقر کو دور کری اور
اوسکی حاجت کو برلاوہی اور جو شخص کہ الکَرِیمُ الوَہَّابُ ذُو الطَّولِ کی تئین اکثر
پڑہا کری حقتعالی اوسی اسقدر روزی عطا فرمائی کہ اوسکی گمان مین نہو اور جو شخص کہ بکثرت
الرَّزَّاقُ پڑہا کری حق تعالی اوسی برکت عطا فرماوی اور جو شخص کہ بعد نماز صبح کی ستر مرتبہ
الفَتَّاحُ کو اپنی سینہ پر ہاتھ رکھکی پڑہی حقتعالی اوسکی سامنے سی پردی اوٹھا دیوی
یعنے اوسپر حق ظاہر ہو جاوی اور جو شخص کہ الحَکِیمُ العَلِیمُ کو پڑہی جو امر مہم درپیش ہو حقتعالی

کشایش مطلب کے کری اور اسیطرح سی ہی خواص اَلْحَفِیْظُ الْعَلِیْمُ کا اور جو شخص کہ چالیسہ
دفعہ چالیس لقمون پر اَلْقَابِضُ کو چالیس دن تک روز لکہہ کر نوش کیا کری حقتعالیٰ وسی
عذاب جوع و عارضہ بہوک سی تمام عمر محفوظ رکہی اور جو شخص کہ آخر شب کو دونوں ہاتہ اوٹہاکی دس
مرتبہ اَلْبَاسِطُ کو کہی اوس شخص کو کسی سی سوال کرنے کی حاجت نرہیگی اور جو شخص کہ بعد
نماز کے سو مرتبہ عَالِمُ الْغَیْبِ پڑہا کری اوسپر اشیاء غیبیہ منکشف ہووین اور جو شخص کہ ستر مرتبہ
اَلْخَافِضُ کو پڑہی دفع کری حقتعالے اوس سے شر ظالمین کو اور جو شخص کہ بعد ظہر کے سو مرتبہ
اَلرَّافِعُ کے مداومت کری حقتعالیٰ اوسکی رفعت کو زیادہ کرے اور جو شخص کہ بکثرت اَلسَّمِیْعُ
کو کہی دعا اوسکی مستجاب ہوا کرے اور جو شخص کہ اکثر اَلْمُعِزُّ کو پڑہی حق تعالیٰ اوسکو
ہیبت اور رعب عطا فرماوی اور جو شخص کہ شب تارمین پیشانی کو خاک پر رکہہ کی دو ہزار مرتبہ
اَلْمُذِلُّ کو کہی اور اسدعا کو پڑہی یَا مُذِلَّ الْجَبَّارِیْنَ وَمُبِیْرَ الظَّالِمِیْنَ اِنَّ فُلَانًا اَذَلَّنِیْ
فَخُذْ لِیْ حَقِّیْ مِنْهُ پس حقتعالے اوسیوقت اوسکی دشمن سے مواخذہ کریگا اور جو شخص کہ
پچیس مرتبہ اَلْمُذِلُّ کو پڑہ کی سجدہ کری اور سجدہ مین کہے اِلٰهِیْ اٰمِنِّیْ مِنْ فُلَانٍ پس حقتعالے
اوسکو امان دیوی شر دشمن سی اور جو شخص کہ ہر جمعہ مین بکثرت اور بہت اَلْبَصِیْرُ پڑہے
حق تعالیٰ اوسی مخصوص بعنایت اور رعایت اپنی کا کری اور جو شخص کہ درمیان راتون کے
اَلْحَکَمُ الْعَدْلُ اکثر پڑہا کری حق تعالیٰ اوسکو مخصوص کریگا ساتہ لطف اپنی کے اور
گرد اویگا خدا اوسکی باطن کو خزانہ اسرار اپنی کا اور اَللَّطِیْفُ وقت شدائد کی پڑہنا
واسطے دفع مکروہات کے سریع الاثر ہی اور جو شخص کہ خائف ہو تو کہی اَلْحَلِیْمُ الرَّؤُفُ
اَلْمَنَّانُ کی تئین کہ ذاکر اسکا اور پڑہنی والا اس اسم کا امان پاویگا خوف سی اور
جو شخص کہ اَلْحَکِیْمُ لکہی اور اوسی پانی سی دہو کر زراعت یعنی کہیت پر اوس پانی کو

چھڑکے وہ کھیت پاک وپاکیزہ رہی اور اوس کھیت مین اس اسم کی برکت ظاہر ہووے
اور جو شخص کہ اکثر اَلْغَفُوْرُ پڑہا کری وسواس اوسکا دفع ہو اور جو شخص کہ پانی پر چالیس
مرتبہ اَلشَّکُوْرُ کو پڑہی اور اوس پانی سی آنکھون کو دہووی رمد یعنی آنکھہ دکھنی کا
عارضہ دفع ہو اور جو شخص کہ اَلْعَلِیُّ کو بہت پڑہی اور اس اسم کو لکھہ کر اپنی گلی مین
لٹکا دی حقتعالی اوسکو جوان وجیہ وشکیل و رو دار درمیان لوگونکی کری اور
جو شخص کہ بہت پڑہی اَلْجَلِیْلُ کو تو جو اوس سے ملاقات کریگا اور اوسی دیکھی گا وہ
اوسکے توقیر اور تعظیم بہت کریگا اور جو شخص کہ سوتی وقت اَلْکَرِیْمُ کو
پڑہ کی سووی تو حق تعالی حکم کریگا ملائکہ کو کہ دعائی خیر کرو واسطے اسکی اور کہو اس سے
کہ خدا نے تجکو امان دی اور جو شخص کہ بہت پڑہی اَلْقَرِیْبُ اَلْمُجِیْبُ کو امان مین
رکہی خدا اوسکو اور جو شخص کہ اَلْوَاسِعُ بہت پڑہا کری حقتعالی اوسپر وسعت رزق
کری اور جو شخص کہ ہزار مرتبہ طعام پر اَلْوَدُوْدُ کو پڑہی اور اوسکو جن دو آدمیون
کہ دشمنی ہو اونکو کہلاوی تو باہم آپس مین محبت دونون مین ہو جاوی اور جو شخص
کہ بہت کہی اَلْمَجِیْدُ کو جمیع آلام سی شفا پاوی اور جو شخص کہ سونی کے وقت سو مرتبہ
اَلْبَاعِثُ کو کہکی اپنی سینہ پر ہاتہہ پہیر کے سووی خدا اوسکی باطن کو زندہ
اور اوسکی دل کو نورانی کری اور اگر کوئی چیز ضائع ہوگئی ہو یا غائب ہوگئی ہو کہ وہ
نہ ملتی ہو تو اسم اَلشَّہِیْدُ اَلْحَقُّ کو اگر کاغذ کے چارون کونون پر لکہی اور بیچ مین اوس
کاغذ کے اوس چیز کا نام کہ جو ضائع یا غائب ہوگئی ہی لکہی اور نصف شب کو آسمان کے
نیچی اوس کاغذ کو لیکے آوی اور اوسی دیکہی اور آسمان کی طرف نگاہ کری پس ستر مرتبہ
آسمان کے نیچی اَلشَّہِیْدُ اَلْحَقُّ کو کہی پس اوس شخص کو خبر اور حال اوس چیز کا معلوم

ہوجائیگا اور جو شخص اَلْوَكِيْلُ کو وظیفہ اپنا گردانی محفوظ رکہی کا خدا اوسکو جلنی سے
اور غرق ہونے سی اور اگر کسی کو اپنی دشمن سی خوف ہو اور یہ اوسکو دفع نہ کرسکتا ہو
پس ہزار گولیان آٹیکی بناوی اور ہر گولی پر یَا قَوِیُّ کو پڑہی اور او نگلیون کو پرندجانور نکو
کہلاوی شر دشمن سی محفوظ رہیگا اور جس شخص کو عبادت خدا سی نفرت ہو اور اوسکا جی عبادت میں
نہ لگتا ہووی توچاہیی کہ وہ شخص سوتی وقت اپنی سینہ پر ہاتہ رکہکی اَلْمُحْيِيْ اَلْمُمِيْتُ کو پڑہے
طاعت خدا پر راغب ہوگا اور جو کوئی مریض پر یا صاحب درد پر انیس مرتبہ اَلْحَيُّ کو پڑہے
مریض کو شفا حاصل ہو اور جو شخص کہ اَلْقَيُّوْمُ بہت پڑہی اوسکو تصفیہ قلب حاصل ہو اور جو شخص
کہ کہانے پر اَلْوَاجِدُ کو پڑہ کی کہانا کہایا کری تو اپنی باطن میں نور پاویگا اور ذکر الماجد
کا خلوت میں باعث نور کا ہوتا ہی اور پڑہنی والا اَلصَّمَدُ کا کبہی بہوکا نہین رہتا اور جو شخص
کہ وضو کے وقت اَلْقَادِرُ بہت کہی وہ ہمیشہ اپنی دشمن پر غالب رہی اور جو شخص کہ اَلْبَرُّ
کی تلاوت اکثر کیا کری اوسکا لڑکا بلوغ تک آفات سی سالم رہی اور جو شخص کہ اَلتَّوَّابُ کے
بہت تلاوت کری حقتعالی اوسکی توبہ کو قبول فرماوی اور جو شخص کہ اَلْمُنْتَقِمُ بہت تلاوت
کیا کری حق تعالی شر دشمن سی محفوظ رکہیگا اور جو شخص کہ سامنی ظالم کی اَلرَّءُوْفُ پڑہی تو وہ
ظالم اوس سے بانکسار پیش آوی اور مہربانی کری اور جو شخص کہ اَلسُّبُّوْحُ کو روٹی پر لکہے
بعد نماز جمعہ کے اور اوسی کہاوی وہ شخص ملکی الصفات یعنی فرشتہ خصلت ہووے
اور جو شخص کہ اَلرَّبُّ بہت کہی حقتعالی اوسکی اولاد کو محفوظ رکہی اور جو شخص کہ مَالِكُ
الْمُلْكِ کی تلاوت بہت کیا کرے خدا اوسکو دونو جہان مین غنی کری اَلْغَنِيُّ اَلْمُغْنِي کو جو شخص
دس جمعہ اس ترکیب سی پڑہی کہ ہر جمعہ کو دس ہزار مرتبہ اس اسم کو پڑہی اور دس جمعہ تک
ترک حیوان بہی کری حقتعالے اوسکو بہت جلد غنی کریگا اور اگر ساتہ اس اسم کے سورۂ جمعہ کو بہی

اسیطرح پڑہی تو یقینا غنی ہوگا کذا فی المصباح اور جو شخص کہ اَلْمُعْطِی یَا مُعْطِیَ السَّآئِلِیْنَ
کو پڑہی غنی کری اوسکو خدا سوال کرنے سی اور جو شخص کہ سوتے وقت اَلْمَانِعُ بہت کہے
حقتعالی اوسکی قرض کو ادا کری اور جو شخص کہ ہزار مرتبہ اَلنُّوْرُ کہی حقتعالی اوسکو نور ظاہری و باطنی
عطا فرماوی اور جو شخص کہ بہت اَلْهَادِیْ کہی حقتعالی اوسکو معرفت عطا فرماوی اور
جو شخص کہ ہزار دفعہ اَلْبَدِیْعُ کہی حقتعالے اوسکی حاجت کو روا کری اور جو شخص کہ ہزار دفعہ
اَلْوَارِثُ کہی ہدایت کری خدا اوسکو راہ نیک اور جو شخص کہ ہزار دفعہ اَلصَّبُوْرُ کہی حقتعالے
شدائد مین صبر عطا فرماوی اور جو شخص سات ہفتہ حَسْبِیَ اللّٰهُ الْحَسِیْبُ باینطریق کہ پنجشنبہ سے
شروع کری اور ہر روز ستر مرتبہ اوس اسم کو پڑہی تا سات ہفتہ حقتعالی بی مشقت اوسکی مطلب کو
عطا فرمایگا اور نجات دیگا حسن چیز سی کہ خائف ہی اور جو شخص کہ انگوٹھی پر اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ کو
کندہ کرکے اپنی ہاتہ مین رکہی حقتعالی اوسکو مشہور اور نام ور کری اگرچہ وہ گمنام ہوا اور امین
رہیگا وہ شخص خوف کے چیزون سی اور جو شخص کہ اَلْحَفِیْظُ بقدر اعداد حروف اوسکی کے
پڑہی نہ ڈری کسی سی اگرچہ تمام روی زمین پر پہری اور پڑہنا اوسکا واسطے امان کا ہی غرق سے
اور بہت سی بلا سی بچ جاتہ ہی واسطے خائفین کے اسواسطی کہ پڑہنی والا اوسکا ہمیشہ محفوظ ریگا
اور جو شخص کہ اکثر اَلْقَهَّارُ پڑہی حقتعالی محبت دنیا کی اوسکی دل سی نکالی اور جو شخص کہ
آخر شب کو ایام محاق مین یَا قَاهِرُ یَا قَهَّارُ یَا ذَا الْبَطْشِ الشَّدِیْدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ انْتِقَامُہٗ
کو پڑہی اور دعا واسطے اپنی دشمن کے کری تو خدا قہر و غضب اپنا اوسکی عدو پر نازل کری
اور اوسکو شر دشمن سے امین کری **باب پانچوان** بیچ بیان تیاری انگشتر اور کیفیت اوسکی کے
اور نواب عقیق وغیرہ کی اور آئینہ دیکہنی اور خضاب کرنی اور عطر لگانی کے اور پہول سونگہنی کے اور اوسمین تیرہ
فصلین ہین **فصل پہلی** بیچ فضیلت انگوٹہی کی جان تو کہ سنت موکدہ ہی مرد و نکی تئین اور عورتو نکی تئین

داہنے ہاتھ میں انگوٹھی پہنا اور بسند معتبر حضرت امیر علیہ السلام سے منقول ہے کہ حضرت رسول 1
صلی اللہ علیہ و آلہ انگوٹھی کو داہنے ہاتھ میں پہنتے تھے اور سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے روایت
ہے کہ پیغمبر خدا نے حضرت امیر المومنین علیہ السلام سے فرمایا کہ یا علی انگوٹھی داہنے ہاتھ میں پہنو تاکہ
مقربوں سے ہو حضرت امیر علیہ السلام نے عرض کی کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم مقرب
کون ہیں حضرت نے فرمایا کہ جبرئیل و میکائیل حضرت امیر المومنین علی بن ابی طالب علیہ السلام نے
عرض کی کہ کون سی انگوٹھی ہاتھ میں پہنوں پیغمبر خدا نے فرمایا کہ عقیق سرخ کہ بدرستیکہ عقیق نے
اقرار کیا واسطے خدا کے ساتھ یگانگی کی اور واسطے میرے ساتھ پیغمبری کی اور واسطے تمہارے یا علی
ساتھ وصی ہونے اور خلیفہ و جانشین میرے ہونے کی اور واسطے فرزندوں تمہارے کی ساتھ امامت کے اور واسطے
دوستوں تمہارے کی ساتھ بہشت کے اور واسطے شیعوں و فرزندوں تمہارے کی ساتھ جنت الفردوس
کی اور حضرت امیر المومنین علیہ السلام سے منقول ہے کہ حضرت جبرئیل نے پیغمبر خدا سے کہا کہ جو
شخص کہ انگوٹھی داہنے ہاتھ میں پہنے اور غرض اوس شخص کے پہننے سے تمہاری سنت اور
طریقہ پر عمل کرنا ہووے تو قیامت کے دن اوسکو اگر میں متحیر دیکھوں گا تو اوسکا ہاتھ پکڑ کر آپکا
اور حضرت امیر علیہ السلام کی پاس پہونچا دونگا اور ایک روایت میں وارد ہوا ہے کہ انگوٹھی
پیرون میں پہنا عمل قوم لوط کا ہے فصل دوسری بیچ بیان اوس چیز کے کہ جس سے
انگوٹھی کا بنانا چاہیے پس جان تو کہ سنت ہے کہ انگوٹھی کو چاندی سے بناوے اور مردوں کی تئیں
انگوٹھی سونے کی پہننا حرام ہے اور انگوٹھی فولاد اور پیتل اور لوہے کی مردوں اور عورتوں کو
پہننا مکروہ ہے اور حضرت امیر علیہ السلام سے منقول ہے کہ سوا چاندی کی اور کسی کی انگوٹھی
نہ پہنو چنانچہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ انگوٹھی حضرت رسول خدا صلی
اللہ علیہ و آلہ وسلم کی چاندی کی تھی اور بہت سی حدیثوں میں وارد ہے کہ پیغمبر خدا نے فرمایا کہ یا علی

انگوٹھی سونیکی ہاتھ مین نہ پہنو کہ یہ زینت تمہاری ہی بیچ آخرت کی اور پیغمبر خدا نی فرمایا کہ پاک ۲
نہین ہے وہ ہاتھ کہ جسمین انگوٹھی لوہی کی ہو اور دوسری حدیث مین ہی کہ اونحضرت نی فرمایا
کہ پاک نکری خدا اوس ہاتھ کو کہ جسمین انگوٹھی لوہی کی ہو اور بیچ حدیث معتبر کے حضرت رسول خدا صلی اللہ
علیہ و آلہ سی منقول ہی کہ نماز نہ پڑہی وہ مرد کہ جو انگوٹھی لوہی کی پہنی ہو اور ممانعت فرمائی
پیتل کی انگوٹھی سی بہی **فصل تیسری بیچ فضیلت عقیق کی** جانو بیچ حدیث معتبر کے
حضرت امام حسین علیہ السلام سی منقول ہی کہ جب حضرت موسی علی نبینا و آلہ و علیہ السلام کوہ طور
پر حقتعالے سی مناجات کرتی تہی تو آنکہین اوپر نظر حضرت موسی کی زمین پر پڑتی تہین یعنی آنکہ نیچی کرکی
مناجات کیا کرتی تہی حقتعالے نی اونکی نور چہرہ سی عقیق کو پیدا کیا پس فرمایا حقتعالے نی کہ مین قسم کہاتا
ہون مین ذات مقدس اپنی کی کہ عذاب نکرونگا مین آتش جہنم سی اوس ہاتہ کی تئین کہ جسمین انگوٹھی
عقیق کے ہووی بشرطیکہ ولایت اور دوستی علی بن ابیطالب علیہ السلام سے کہتا ہو اور بیچ حدیث دوسری کے
منقول ہی کہ جبرئیل نازل ہوی اور کہا کہ یا محمد صلی اللہ علیہ و آلہ پروردگار نی سلام ارشاد کیا ہے
اور فرمایا ہے کہ انگوٹھی کی تئین داہنی ہاتہ مین پہنو اور نگین عقیق کا ہووے اور علی بن ابیطالب علیہ السلام
سی بہی کہو کہ انگوٹھی عقیق کی داہنی ہاتہ مین پہنین حضرت امیر علیہ السلام نی پوچہا کہ یا رسول اللہ
عقیق کیا چیز ہے فرمایا کہ پہاڑ ہی بیچ یمن کے کہ واسطی خدا کے اقرار کیا ہی بہ یکتائی اور واسطی میری پیغمبری
اور واسطے تیری وصایت اور اولاد تیری کی امامت اور واسطی شیعیان تمہارے کی بہشت اور واسطی دشمنان
تمہارے کی جہنم اور حضرت امیر المومنین علیہ السلام سی منقول ہی کہ نماز اوس شخص کی کہ جسکی ہاتہ
مین انگوٹھی عقیق کی ہووے چالیس درجہ زیادہ ہی اوس شخص کی نماز سے کہ جو بغیر انگوٹھی کی بجا
بجالایا ہووے اور دوسری روایت مین ہی کہ دو رکعت نماز کہ با انگشتر عقیق بجالاوے بہتر ہی ہزار
رکعت بی انگشتر سی اور بیچ حدیث معتبر کی منقول ہی بشیر دہان سی کہ وہ کہتا ہی کہ شخص

کی مینی کہ یہ نسا نگین انگوٹھی پر رکھون حضرت نی فرمایا کہ کیون غافل ہی تو عقیق سرخ اور عقیق زرد
اور عقیق سفید سی کہ یہ تینون پہاڑ ہین بیچ بہشت کی لیکن پہاڑ عقیق سرخ کا پس مشرف ہی حضرت
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ کی گہر سی اور عقیق زرد پس مشرف ہی اوپر گہر حضرت فاطمہ
علیہا السلام کے اور عقیق سفید پس مشرف ہی اوپر خانہ حضرت امیر المومنین علی بن ابیطالب
علیہ الصلوة والسلام کی اور ہر ایک پہاڑ ایک نہر جاری ہی برف سی زیادہ سرد اور شہد سی زیادہ
شیرین اور دودہ سی زیادہ سفید اور نہین سیراب ہوتی اوس نہر سی مگر آل محمد اور شیعیان آل محمد
اور وہ تینون نہرین کوثر سی نکلین ہین اور ایک جگہ پر گرتی ہین اور یہ تینون پہاڑ تقدیس و تمجید
اور تسبیح الہی کرتی ہین اور واسطی محبان آل محمد کی طلب مغفرت کرتی ہین پس جو کوئی شیعیان
آل محمد سی ایک ان عقیقون مین سی ہاتہ مین رکھی دیکھی کا وہ مگر خیر اور نیکی اور فراخ روزی کی
تئین اور سلامت اور محفوظ رہی کا جمیع بلاؤن سی اور امان پائیگا شر بادشاہ ظالم سی اور محفوظ رہیگا
اون چیزون سی کہ جس سی ڈرتا ہی اور حضرت صادق علیہ السلام سی منقول ہی کہ کوئی ہاتہ
دعا کی واسطی نہین اوٹہاتا کہ خدا اوسی دوست رکھی مگر وہ ہاتہ کہ جسمین انگوٹھی عقیق کی ہو کہ خدا
اوس ہاتہ کو بہت دوست رکھتا ہی اور سلمان اعمش نے روایت کی ہی کہ ایک روز مین حضرت امام
جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت مین بیچ مکان منصور عباسی کی حاضر تہا پس دیکھا مینی
کہ ایک شخص کو باہر لائی کہ کوڑی اوس پر پڑتی تہی حضرت نی فرمایا کہ سلمان دیکہ تو کہ انگوٹھی مین اوس شخص
کی نگ کیسا ہی کہا مینی یا ابن رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ عقیق کا نگین نہین ہی حضرت نی فرمایا
کہ ای سلمان اگر عقیق ہوتا تو یہ کوڑی نکہاتا مینی عرض کی یا ابن رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ اور
کچہ آپ عقیق کا حال بیان فرماوین حضرت نی فرمایا کہ ای سلمان انگوٹھی عقیق کی محفوظ رکہتی
ہاتہ کاٹی جانی سی مینی عرض کی اور کچہ فرمائی حضرت نی فرمایا کہ ای سلمان مان بخشتی

ہی خون سی عرض کی میں نی اور کچھ فرمائی حضرت نی فرمایا کہ ای سلمان خدای عز و جل بہت دوست رکھتا ہی میں نی عرض کی اور کچھ ارشاد ہو حضرت نی فرمایا کہ تعجب کرتا ہون اوس ہاتہ سی کہ جسمین انگوٹھی عقیق کی ہو کہ کیونکر وہ ہاتہ خالی رہتا ہا درہم و دینار سی میں نی عرض کی اور کچھ حکم فرمایئے حضرت نی فرمایا کہ عقیق نگاہبان آدمی کا ہی ہر بلا سی عرض کی میں نے یا ابن رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ اور کچھ فرمایئی حضرت نے فرمایا کہ عقیق محفوظ رکھتا ہی فقر سی عرض کی میں نے کہ یا ابن رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ نقل کرون میں اس حدیث کو لوگون سی اور منسوب کرون میں اس حدیث کو طرف حضرت امیر المومنین علیہ السلام کی کہ بواسطہ جد امجد آپ کے حضرت نی فرمایا کہ ہان بیان کر تو اسیطرح اور حضرت علی بن موسی الرضا علیہ السلام سی روایت کی ہی کہ عقیق فقر اور درویشی کو برطرف کرتا ہی اور انگوٹھی اوسکی نفاق کی تعین زائل کرتی ہی اور حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سی منقول ہی کہ انگوٹھی عقیق کی پہنو کہ بہت مبارک ہی اور امید ہی کہ عاقبت اوس شخص کی مقرون بخیر اور نیکی ہو اور حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ نی فرمایا کہ جو کوئی انگوٹھی عقیق کی ہاتہ مین پہنے حاجت اوسکی بر آتی ہی اور حضرت صادق علیہ السلام سی منقول ہی کہ انگشتر عقیق موجب امن کا ہی بیچ سفر کی اور دوسری حدیث مین اونحضرت سی منقول ہے کہ جو کوئی انگوٹھی عقیق کی پہنی پریشان نہو گا اور عاقبت کار اوسکا نیک ہو گا اور بیچ دوسری حدیث کی وارد ہی کہ حاکم نی آدمی واسطی کسیکی گرفتار کرنیکی لیی بہیجا تہا بسبب کسی جرم کی حضرت صادق علیہ السلام نی فرمایا کہ انگوٹھی اوسکو کسیطرح پہونچاو لوگون نے انگوٹھی اوس مجرم کو لیجا کی دی کہ برکت اوس انگوٹھی کی برکت سی کسیطرح کی تکلیف و اذیت حاکم سی اوسکو نہ پہونچی اور بیچ حدیث دیگر کی منقول ہی کہ کسی شخص نی حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سی آکی شکایت کی

کر چور اسی مین اکر میرا سارا مال و اسباب لیگئی حضرت نے فرمایا کہ کیا انگوٹھی عقیق کی ہاتہ مین نہ تھی
اسواسطے کہ وہ ہر بدی سے آدمی کو حفظ و امان مین رکہتی ہی اور بسند معتبر او نحضرت سے منقول ہی
کہ انگوٹھی عقیق سرخ کی ہاتہ مین رکہو کہ جب تک کہ آدمی اوس انگوٹھی کی تئین ہی پاس رکہیگا کسیطرح
کا اندوہ اوسی تک نہ پہونچیگا **فصل چوتھی بیچ فضیلت فیروزہ کی** حضرت امام جعفر صادق
علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو کوئی انگوٹھی فیروزہ کی ہاتہ مین رکہے ہاتہ اوسکا فقیر نہووے اور
حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ سی منقول ہے کہ خداوند عالمیان فرماتا ہی کہ شرم کرتا ہون
مین اوس ہاتہ سی کہ جو آسمان کیطرف واسطے دعا کی بلند ہووی اور اوسمین انگوٹھی فیروزی کی ہووے
کہ کیونکر اوس ہاتہ کو نا امید پہیرون مین اور منقول ہے علی بن محمد ضیمری سی کہ کہتا ہی کہ جعفر بن
محمد کی دختر کی ساتہ مینی شادی کی اور اوس عورت سی مجکو بہت محبت ہی مگر اوس عورت سے لڑکا
نہ پیدا ہوتا تہا ایکروز حضرت امام علی نقی علیہ السلام کی خدمت مین گیا اور اس امر کو اونحضرت سے
مینی عرض کیا حضرت یہ سنکر مسکرائی اور فرمایا کہ فیروزے کی انگوٹھی لی اور اس آیہ کو اوسپر کندہ کر
رَبِّ لَا تَذَرْنِي فَرْدًا وَأَنْتَ خَيْرُ الْوَارِثِينَ علی بن محمد ضیمری کہتا ہی کہ جسطرح حضرت
نی فرمایا تہا اوسیطرح مین عمل لایا پس ایکسال نگذرنی پایا تہا کہ فرزند متولد ہوا **فصل پانچوین
بیچ فضیلت جزع یمانی کی** حضرت امیر علیہ السلام سی منقول ہے کہ انگوٹھی جزع یمانی کی ہاتہ
مین پہنو کہ وہ دور کرتی ہی مکر متمردان شیاطین کے تئین اور حضرت امام رضا سی منقول ہے
کہ حضرت امیر المومنین علیہ السلام نی فرمایا کہ ایک روز پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ دولت سرا سے
تشریف باہر لائے اور دست مبارک مین انگوٹھی جزع کی تہی مینی حضرت کی ساتہ نماز پڑہی جب حضرت
نماز سی فارغ ہوئی وہ انگوٹھی حضرت نے مجکو عنایت فرمائی اور ارشاد کیا کہ اس انگوٹھی کو اپنی ہاتہ
مین پہنو اور اسی نماز پڑہا کرو کہ نماز اوس شخص کے کہ جسکی ہاتہ مین جزع یمانی ہو برابر

۶ ستر خازون کی ہی اور جزء بانی تسبیح اور استغفار کرتی ہی اور ثواب استغفار کا واسطے
مالک کی لکہا جاتا ہے **فصل چہٹی** بیچ بیان فضیلت درنجف اور بلور اور حدید چینی اور سائر
نگینونکی بسند معتبر مفضل بن عمر سی منقول ہی کہ کہتا ہی کہ ایک روز مین بیچ خدمت حضرت
امام جعفر صادق کی حاضر ہوا اور انگوٹہی درنجف کی میری ہاتہ مین تہی حضرت نی فرمایا کہ
ای مفضل یہ نگین سیر کا ہے جسکو ہماری مومن اور مومنہ سی یاد ورکرنی والا دردکا ہی آنکہون سی
مومن اور مومنہ کی اور مین بہت دوست رکہتا ہون واسطی ہر مومن کے اسبات کو کہ پانچ انگوٹہیان
ہاتہ مین رکہتا ہو یاقوت کی کہ وہ فاخرترین سب کی ہی اور عقیق کی کہ وہ خالص تر ہی واسطی خدا
کی اور واسطی ہم اہلبیت کے اور فیروزہ کی کہ وہ آنکہ کو قوت دیتی ہی اور سینہ کو کشایش دیتی
ہی اور قوت دلکو زیادہ کرتی ہی اور اگر فیروزہ ہاتہ مین پہنکر کسی کام کو جاوے تو پہر کی ہو
اوسکی حاجت برآتی ہی اور درنجف اشرف کی کہ حقتعالے اوسکو ظاہر کرتا ہی مدد ستیکہ جو کوئی کہ
درنجف کی تئین ہاتہ مین رکہی اور اوسپر نظر کری حقتعالے ہر ایک نظر مین ثواب زیارت حج یا عمرہ
کا اوسکی نامہ اعمال مین لکہتا ہی کہ ثواب وسکا ثواب پیغمبرون اور صالحون کا ہی اور حدید چینی
کی پس اوسکی تئین دوست نہین رکہتا ہون کہ کوئی ہمیشہ پہنی رہی لکن برا نہین جانتا اوس وقت
پہننا اوسکا جس وقت کہ وہ شخص اوسکی دیکہنی کو جاوے کہ جس سے ڈرتا ہووی اور خوف رکہتا ہو
اور مقصود پہنی سی سکون شر اوسکی کا ہووی اور حدید چینی شیاطین کو دور کرتا ہی اس
سبب سے اسکو دوست رکہتا ہون لیکن اس وقت اوسکا پہننا نہین چاہیے اور اگر خدا رحم نکرتا ہمارے
شیعون پر ہر آئینہ ہر ایک نگینہ ان نگینون مین سی قیمت گران کو بکتا لکن خدانی ارزان کیا ہے
واسطی ہمارے شیعونکی کہ تونگر اور فقیر سب پہن سکتی ہین اور منقول ہی کہ حضرت امیرالمومنین
علیہ السلام چار انگوٹہیان ہاتہ مین پہنی تہی انگوٹہی یاقوت کی واسطی شرافت کی اور زینت کی

اور فیروزہ کی واسطی نصرت اور یاری اپنی کی اور حدید چینی کی واسطی قوت اپنی کی اور عقیق کے واسطی حرز اور دفع دشمنان اور بلاؤنکی **فصل ساتوین بیچ فضیلت یاقوت اور زبرجد اور زمرد کی جان تو کہ بیچ** حدیثون کی حضرت علی بن موسی الرضا علیہ السلام سی منقول ہی کہ انگوٹھی یاقوت کی پہنو کہ پریشانی کی تئین زائل کرتی ہی اور حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سی روایت کی ہی کہ انگشتر یاقوت ہاتہ مین پہننا سنت ہے اور حضرت امام موسی علیہ السلام سی منقول ہی کہ انگوٹھی زمرد کی ہاتہ مین رکھنا موجب آسانی کا ہی کہ اوسمین کچہ دشواری نہین ہی اور ایک روایت مین اونہین حضرت سی منقول ہی کہ وہ روایت ہی مین الفاظ وعبارت وارد ہی مگر بجای لفظ زمرد کی لفظ زبرجد کی ہی اور اوحضرت نی فرمایا کہ انگشتر زمرد کی ہاتہ مین رکھنا فقر کی تئین ساتہ تونگری کی بدل کرتا ہی اور فرمایا کہ جو کوئی انگوٹھی یاقوت زرد کی پہنی فقیر نہو کا مراد یاقوت زردسی پکھراج ہی **فصل آٹھوین بیچ آداب آئینہ دیکھنی کے جانو** کہ بسند معتبر حضرت صادق علیہ السلام سی منقول ہی کہ حضرت رسول خدا نی فرمایا کہ خداوند عالمیان نی واجب کیا ہی بہشت کو واسطی اوس جوان کی کہ جو بہت آئینہ دیکھی اور حمد خدا بہت کری بسبب اسکی کہ خدا نی اوسکو بصورت نیک پیدا کیا اور اوسکو بدصورت اور عیب دار نکیا اور بیچ بعضی روایات کی مذکور ہی کہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ آئینہ ملاحظہ کرتی تہی اور موہای مبارک کو اور ریش مطہر کو شانہ یعنی کنگہی فرماتی تہے اور اپنی اصحاب کیواسطی اور اپنی عورتون کی لیی وہ حضرت اپنی تئین آراستہ فرماتی تہی اور فرماتی تہی کہ خدا پسند کرتا ہی اور دوست رکہتا ہی اوس بندہ کو کہ جو برادر مومن کی گہر جانیکی لیی اپنی زینت کری اور آراستہ کری اور حضرت امیر المومنین علیہ السلام سی منقول ہے کہ جو کوئی آئینہ دیکھی تو چاہیے کہ اس دعا کو پڑہے

الحمد للہ الذی خلقنی فاحسن خلقی وصورنی فاحسن صورتی

۸ وَزَانَ مِنّیِ مَا شَانَ مِنْ غَابِرِی وَاَکْرَمَنِی بِالْاِسْلَامِ فصل نوین بیچ فضیلت
خضاب کرنی کی جان تو کہ مردکی بیتئیں خضاب کرنا سراور ریش کی بالون کا سنت موکدہ
ہی اور عورت کے بیتین خضاب کرنا سرکی بالونکا اور ہاتہ اور پاونکا سنت ہے اور مردونکو دست و پا
خضاب کرنا مکروہ ہی مگر ملکا رنگ بعد نورہ لگانیکی مضایقہ نہین رکہتا اسواسطی کہ سارے
بدن پر نورہ لگانا سنت ہی اور مہندی ملنا تمام بدن پر اور ہاتہ پر اسقدر کہ رنگ نا خون کا
مائل بسرخی ہو جاوے قباحت نہین رکہتا چنانچہ بسندہای معتبر حضرت رسالت پناہ صلی اللہ
علیہ وآلہ سی منقول ہی کہ چار چیزین ہین کہ وہ سنتہای پیغمبرون سی ہین بوی خوش لگانا
اور نزدیکی عورتون سی کرنا اور مسواک کرنا اور خضاب کرنا حنا اور بیچ حدیث دوسری کی
اوس جناب سی منقول ہی کہ ایک درہم کہ بیچ خضاب کے خرچ ہووے بہتر ہی ہزار درہم سی کہ راہ خدا
مین خرچ کری اور خضاب مین چودہ خصلتین ہین اور وہ یہ ہین کہ ریح کی بیتئیں گوشت سی دور
کرتا ہی اور غبار کو آنکہ سی دور کرتا ہی اور جلا اور روشنی پیدا کرتا ہی آنکہونین اور مسینی کو
نرم کرتا ہی اور دہان کو خوشبو کرتا ہی اور دانتونکی جڑ کو مضبوط اور محکم کرتا ہی اور گندگی
بغل کو دفع کرتا ہی اور وسوسہ شیطان کو کم کرتا ہی اور ملائکہ بسبب اوسکی خوش ہوتی ہین اور
سبب خوشحالی مومنون کا ہی اور باعث خشم اور غصہ مین لانا کافرونکا ہی اور باعث زینت کا اور
بوی خوش کا ہی اور موجب خلاصی عذاب قبر کا ہوتا ہی اور منکر ونکیر اوس سے شرم کرتی ہین اور بیچ
حدیث کے ہی کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نی فرمایا کہ اپنی سفید بالونکو رنگ کرو اور مشابہ
یہودونکے ہنو اور بیچ حدیث حسن کے منقول ہی کہ حضرت صادق علیہ السلام سے پوچہا کہ خضاب
سر و ریش کا آیا سنت ہی حضرت نی فرمایا کہ حضرت امیرالمومنین ع کی خضاب نکرنی کا سبب تہا
کہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ نی فرمایا تہا کہ یا علی یہ ریش تمہاری خون سر سے تمہارے

خضاب ہو گی پس وہ خضاب اوس خضاب کا انتظار فرماتی ہی اور دوسری حدیث مین منقول ہے
کہ حضرت امیر المومنین علیہ السلام فرماتے ہیں کہ اوس واسطی خضاب نہین کرتا کہ ابھی تک صاحب تعزیت
ہون مین بیچ مصیبت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ کی اور بہت سی حدیثون مین منقول ہے
کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ اور حضرت امام حسن اور امام حسین علیہم السلام خضاب فرماتے تھی پس
جان تو کہ مردونکی تئین سنت موکدہ ہی خضاب کرنا سر و ریش کا اور مکروہ ہی مردونکی تئین خضاب
کرنا دست و پا کا اور مراد خضاب دست و پا سی رنگ حنا وغیرہ ہی کہ جس سی دست و پا رنگین ہووین
مگر بعد نورہ لگانیکی اگر تمام بدن مین حنا لگاوی واسطی دفع بو وغیرہ کی مضایقہ نہین رکھتا
مگر اوسوقت بھی لازم ہی کہ بہت کم حنا لگاوی کہ رنگ گہرا نہووے اوس واسطی کہ احادیث مین تجویز
اوسیقدر حنا کی وارد ہی چنانچہ منقول ہی کہ حنا لگانا مردونکی تئین اسقدر چاہیے کہ ناخون پر رنگ
خفیف آجاوے اوس واسطی کہ احادیث مین مذمت ہاتہ کی رنگین کرنیکی اکثر وارد ہوئی ہی چنانچہ بیچ حدیث
حسن کے منقول ہی کہ حضرت صادق علیہ السلام فرماتے ہین کہ از جملہ علامات بد کے بیچ آخر زمانہ کی ظاہر
ہونگی یہ ہی کہ آثار عورتونکی بیچ مردون فرزندون عیاش کی ظاہر ہونگی اور وہ خضاب کرینگی اور
اپنی سر کی بالونکو درست کرینگی جسطرح کہ عورتین بال بناتی ہین پس بظاہر مراد خضاب دست و پا
سی حنا لگانا ہی اوس واسطی کہ خضاب سر و ریش کا مستحب ہے اور عمل ائمہ ہی اور عورتونکو خضاب دست و پا
کرنا سنت ہی یعنی حنا لگانا مستحب ہی چنانچہ بیچ حدیث معتبر کی حضرت صادق علیہ السلام سے
منقول ہے کہ سزاوار نہین ہے عورات کو کہ اپنی ہاتہ کو خضاب سی خالی رکھین اگرچہ برنگ حنا ہووے
ہرچند وہ عورت ضعیف اور پیر ہو اور پیغمبر خدا ہمیشہ حکم فرماتے تھی عورتونکی تئین ساتہ خضاب
دست و پا کی خواہ شوہر دار ہو اور خواہ بی شوہر کی ہو **فصل دسوین** بیچ کیفیت خضاب کی
اور احکام اوسکی کی اکثر احادیث معتبرہ مین وارد ہوا ہے کہ جب حضرت امام حسین علیہ السلام شہید ہوے

تو اثر خضاب اور وسمہ کا حضرت کی ریش مبارک مین تہا اور حضرت صادق علیہ السلام نی 10
فرمایا کہ خضاب کرنا وسمہ کا موجب انس عورتون کا ہی اور واسطی کفار کی باعث خوف و مہابت
کا ہوتا ہی اور حضرت رسول خدا سی منقول ہی کہ سب سے بہتر خضاب نزدیک حقتعالی کی سیاہ رنگ
ہی اور بیچ حدیث حسن کے حضرت صادق ع سی منقول ہی کہ خضاب لگانا مہندیکا آبرو کی تئین
زیادہ کرتا ہی اور بیچ دوسرے حدیث کے حضرت نے فرمایا کہ خضاب حنا کا بدبو کے تئین برطرف کرتا ہی اور آبرو
کو زیادہ کرتا ہی اور دہان کو خوشبو کرتا ہی اور اولاد کو خوبصورت کرتا ہی اور حدیث مین منقول ہی
کہ حضرت امام حسین علیہ السلام اور حضرت امام محمد باقر علیہ السلام حنا اور وسمہ باہم ملا کر خضاب
فرماتی تہی جان تو کہ مشہور علما مین یہ ہی کہ صاحب جنب کے تئین خضاب حالت جنب مین کرنا مکروہ ہی
اور اسیطرح حالت خضاب مین عمدا جنب ہونا بہی مکروہ ہی اور مثل اسیکی مکروہ ہی زن حائض کے
تئین حالت حیض مین خضاب کرنا **فصل گیارہوین** بیچ بیان سبب پیدا ہونے بوی خوش کے
بیچ زمین ہند کی جان تو کہ بیچ حدیث معتبر کی حضرت صادق علیہ السلام سی منقول ہی کہ جب
حضرت آدم اور حضرت حوا علیہما السلام بہشت سی زمین پر تشریف لائے تو حضرت آدم نی
کوہ صفا اور حضرت حوا نے کوہ مروہ پر نزول اجلال فرمایا اور اوسدن حضرت حوا نی بہشت
مین بوی خوش سی اپنی گیسوہای مبارک کو معطر کیا تہا اور حوریان بہشت نی شانہ کرکے
بہ تکلف تمام آراستہ کیا تہا جب زمین پر تشریف لائین تو گیسوہای مبارک کہ جو حوریان بہشت نی
بہ بوی بہشت عنبر سرشت آراستہ اور گوندہی تہی وہ گیسو کثرت حزن و ملال سی کہول ڈالے اور
مثل مصیبت زدگان ستم رسیدہ کی پریشان کرکی فرمایا کہ واحسرتاہ کیا نہ تہا کہ اون بالونکو
آراستہ رکہون مین کہ جن بالونکو حوریان بہشت نی بلطافت و تکلف تمام بہ بوی بہشت گوندہا
ہووی حال آنکہ خالق ہمارا ہم سی بیزار ہے پس کہولتی ہی اون گیسوہای مبارک کی بوئ بہشت

بالون سی تیجی کری اور ہوای مشرق و مغرب اوس بوی خوش کو لی اوڑی اور زمین تمام
صحرای ہند مین آویزان ہوئی اسی سبب اکثر بوی خوش مین ہند مین ہوتی ہین و
دوسرے حدیث مین انہین حضرت سی منقول ہی کہ جب حضرت آدم علیہ السلام نی اوس درخت
سی تناول فرمایا کہ جس درخت سی خدا نے منع فرمایا تہا کہاتی ہی اوسکی پوشاک اور زیور
بہشت جسم مبارک سی اوتر گیا تو اوسوقت ایک برگ برگہای بہشت سی توڑا اور اوسسے
ستر عورت کیا اور جب زمین پر آئی تو ہوا جنوب نی اوس خوشبو کو بیچ صحرای ہند کی پہونچایا اور
وہ بو گیاہ درخت صحرای مین آویزان ہوئی اسسبب اوسکی ہند مین خوشبو زیادہ ہی اور پہلے
جس جانورنی کہ اوس گیاہن اور برگ درخت کو چرا وہ آہوی مشک تہا اسسبب جسنی اوس گیاہ و برگ
کی بوی خوش بیچ گوشت اور خون اوس آہو کی پیدا ہوئی یہانتک کہ خون منجمد ہوا اوسکی
ناف مین پس اوسسے مشک ہم پہونچا کہ اوسکو مشک نافہ کہتی ہین **فصل بارہوین** بیچ فضیلت
بوی خوش لگانیکی جان تو کہ بیچ احادیث معتبرہ کی وارد ہوا ہی کہ عطر اور خوشبو لگانا ازجملہ اخلاق
پسندیدہ پیغمبران ہے اور حضرت صادق سے منقول ہے کہ جو کوئی اول روز بوی خوش اپنی بدن
ملی تو شب تک زوال عقل کا نہین ہوتا ہی اور فرمایا کہ نماز خوشبو لگا کی پڑہنا بہتر ہے ستر
نمازسے کہ بدون خوشبو کی بجالایا ہو اور آنحضرت نی فرمایا کہ تین چیزین ہین کہ خدا نے
پیغمبرونکو عطا فرمائین ہین بوی خوش اور عورتین اور مسواک اور بیچ حدیث صحیح کی حضرت
امام رضا علیہ السلام سی منقول ہے کہ مرد کی تئین نہین سزاوار ہی کہ ترک کری کسی دن
بوی خوش کی تئین اور اگر ہر روز نہو سکی تو ایکدن بیچ لگاوی اور اگر یہ بہی نہ ممکن ہو
تو ہر جمعہ کو لگاوی اور جمعہ کی دن لگانا تو کسیطرح ترک نکری اور حضرت امیر علیہ السلام
سی منقول ہی کہ شارب پر خوشبو لگانا اخلاق پیغمبرون سی ہی اور باعث دوستی ان

ملائکہ کاہی کہ جو بندیکی اعمال لکھتی ہین اور پیغمبر خدا جمعہ کی دن اگر عطر نہ پاتی ہتی تو عورتونکی
رومال خوشبو مانگ کر اپنی بہگوتی ہتی اور اوسکو اپنی روی مبارک پر ملتی ہتی اور حدیث
مین وارد ہی کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ الصلوۃ والسلام اسقدر عطر لگاتی ہتی کہ جہان
آپ سجدہ فرماتی ہتی وہ جگہ اسقدر خوشبودار ہو جاتی ہتی کہ جو وہان آتا تہا پہچان لیتا تہا کہ
حضرت نی اسجگہ سجدہ کیا ہی اور حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ فرماتی تہی کہ جبرئیل نی
مجہ سی کہا کہ یا حضرت آپ ایک روز درمیان خوشبو لگایا کرین اور جمعہ کی دن تو کسیطرح اسے
ترک نکرین اگرچہ از بوی نان ہووی منقول ہے کہ ایک روز عثمان بن مطعون نزدیک رسول خدا
صلی اللہ علیہ و آلہ کی آیا اور عرض کی کہ مین چاہتا ہون کہ بوی خوش کو اور کئی چیزونکو واسطی
ترک لذات کی چہوڑ دون حضرت نی فرمایا کہ بوئی خوش کو ترک نکر کہ ملائکہ بوی خوش مومن کی
سونگہتی ہین اور جمعہ کو تو کسیطرح ترک نکرنا اور جو کچہ کہ تو بوی خوشمین صرف کریگا اوسمین اسراف
نہین ہے اور پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ و آلہ بوئی خوش مین طعام سی زیادہ مال خرچ فرماتی ہتی اور حضرت
امام رضا علیہ السلام سی منقول ہی کہ چار چیزین ہین کہ باعث کشایش دل اور دفع غم و الم
ہین بوئی خوش لگانا اور شہد کہانا اور سوار ہونا اور سبزہ دیکہنا اور حضرت امام محمد باقر علیہ السلام
سی منقول ہی کہ پیغمبر خدا صلی اللہ و آلہ مین تین خصلتین ہتین کہ دوسرے مین نہتین اول یہ کہ
حضرت کے سایا نہ تہا دوسرے یہ کہ جس راہ سے آپ تشریف لی جاتی ہتے تو دو دن یا تین دن تک
وہ راستہ خوشبو سی معطر رہتا تہا کہ جو رہگذر اوس راہ سی گذرتا تہا پہچان لیتا تہا کہ وہ
جناب ادہر سی تشریف لیگئی ہین بسبب خوشبو کی تیسری یہ کہ جو سنگ و درخت رستی مین
ملتا تہا وہ سجدہ کرتا تہا اور حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ سی منقول ہی کہ جو عورت
کہ خوشبو لگاکی اپنی گہر سی باہر جاوے اور بوئی خوش اوسمین ہو تو جب تک کہ اپنی گہر مین

نہین آتی اوسپر لعنت خدا رہتی ہی جب تک گہر کو نہ پہر آوی اور بیچ احادیث کثیرہ کی کرامت
رد خوشبو کی وارد ہی پس مناسب نہین ہی مومن کو رد خوشبو بدون مصلحت کی کرنا چنانچہ منقول
ہی کہ اگر کوئی شخص شیرینی یا خوشبو پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ کی خدمت مین لاتا تو آپ اوسکو
قبول فرماتی اور رد نکرتی تہی اور حسن بن جہم سی منقول ہی کہ گیا مین ایکروز خدمت مین
حضرت امام رضا علیہ السلام کی پس وہ جناب میری واسطی ایک ظرف مشک سی مملو لائی
اور فرمایا کہ لی اور اپنی بدن مین اسکو مل حسن بن جہم کہتا ہی کہ مینی اوسمین سی تہوڑا لیکر اپنی
بدن مین ملا حضرت نی فرمایا اور لے اور اپنی گردن مین مل موجب ارشاد کی پہر لیا اور ملا
حضرت نے فرمایا جو کچہ کہ باقی رہا ہی وہ بہی اوس جگہ پر مل پس موجب ارشاد کی باقی ماندہ کو بہی
مین لگایا بعد اوسکی حضرت نی فرمایا کہ حضرت امیر المومنین علیہ السلام فرماتے تہی کہ رد نہین کرتا
کرامت کو مگر گدہا مینی عرض کی کہ کرامت کیا چیز ہے حضرت نے فرمایا کہ وہی خوشبو اور وہ تکیہ کہ جو
بیٹہنی کی لیی کوئی تواضع کری اور مانند اسکی **فصل تیرہوین بیچ آداب گل سونگہنی**
کی جانو کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ سی منقول ہی کہ جو کوئی تمکو پہول دی تو اوسکو تم
چومو اور اپنی آنکہون پر رکہو کہ وہ بہشت سی آیا ہے اور بیچ حدیث معتبر کی مالک جہنی سی روایت
کی ہی کہ ایک پہول مینی حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کو دیا حضرت نی لی لیا اور سونگہا اور
اپنی دونون آنکہون پر رکہا اور فرمایا کہ جو کوئی پہول لیوی اور اوسکو سونگہی اور اپنی آنکہون پر
رکہی اور کہی **اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ** زمین پر وہ شخص یہ پہول نہ رکہنے
پاوی گا کہ اللہ گناہ اوسکی بخش دیگا اور حضرت امام علی نقی علیہ السلام سی منقول ہے
کہ جو کوئی کہ پہول سونگہی اور آنکہون پر رکہہ کر صلوات اور ائمہ کی بہیجی تو حقتعالے واسطی اوسکی
حسنات عظیم لکہتا ہی اور گناہ اوسکی محو کرتا ہی **خاتمہ بیچ بیان حق شوہر و زن**

اور آداب مباشرت کی اور اوسمین تین مقصد ہین مقصد پہلا بیچ حق شوہر و زن کی
جان تو کہ بیچ حدیث صحیح کی حضرت امام محمد باقر علیہ السّلام سی منقول ہے کہ ایک عورت خدمت
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ مین حاضر ہوئی اور عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ و آلہ کیا ہی حق
شوہر کا اوپر عورت کے حضرت نی فرمایا کہ عورت اطاعت اپنی شوہر کی کری اور نافرمانی اوسکی نکری
اور اپنی شوہر کی گہر سی بی رخصت شوہر فقیر کو کوئی چیز نہ دی اور بے اجازت اوسکی روزہ سنتی
نہ رکہی اور جس وقت کہ مرد ارادہ مجامعت کا کری تو وہ انکار نکری اگرچہ بالای پالان شتر
ہو اور خانہ شوہر سی بی اجازت شوہر باہر نجاوی اور اگر چلی جاوی بدون اجازت شوہر کی تو ملائکہ آسمان
اور زمین اور ملائکہ غضب و ملائکہ رحمت سب اوسپر لعنت کرتی ہین جب تک کہ پہر کر گہر
مین نہ آوی اوس عورت نی عرض کی یا رسول اللہ حق کسکا مرد پر زیادہ ہی حضرت نی فرمایا کہ
حق باپ کا اوسنی عرض کی عورت پر کسکا حق بہت ہے حضرت نی فرمایا حق شوہر کا اوس عورت
نی عرض کی کہ میرا حق شوہر پر اتنا نہین ہے جتنا کہ اوسکا مجہپر ہی حضرت نی فرمایا کہ سو مین ایک حصہ
تیرا حق ہی یعنی مرد کا ایک کم سو درجہ تجہپر حق ہی اور تیرا ایک درجہ پس اوس عورت نی کہا کہ مین
قسم کہاتی ہون اوس خدا کی کہ جسنی آپکو ساتھ حق کی بہیجا ہی کہ مین ہرگز شادی نکرونگی اور شوہر
نکرونگی اور دوسری حدیث مین منقول ہے کہ ایک عورت حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ
کی خدمت مین حاضر ہوئی اور اوسنی سوال کیا حق شوہر سی حضرت نے فرمایا کہ حق شوہر کا بیان
سی زیادہ ہی کہان تک بیان ہو مگر از جملہ حقوق شوہر سی یہ ہے کہ روزہ سنت
بدون اجازت شوہر کی نرکہی اور بے اجازت گہر سی باہر نجاوی اور اپنی تئین بہت ساخوشبو
شوہر کی واسطی رکہی اور بہت اچہی کپڑی پہنی اور اپنی تئین بہت سا بناوی اور آراستہ
رکہی اور ہر صبح و شام شوہر کی سامنی جائی کہ اگر شوہر ارادہ جماع کا کری تو یہ انکار

نکری آور دوسری حدیث مین حضرت نی فرمایا کہ کوئی چیز بی اجازت شوہر کی عورت
کسیکو نہ دی اور اگر دی دیوی تو گناہ اوسکا عورت کیواسطی ہی اور ثواب اوسکا شوہر کیواسطے
اور کوئی رات شوہر کو خشمناک نرکھی عورت نے کہا اگرچہ شوہر ظلم ہی کرتا ہو حضرت نے فرمایا کہ
ہاں شوہر کو ناراض نکری اگرچہ وہ ظلم ہی کری آور حضرت صادق علیہ السلام نی فرمایا کہ
ایک رات اپنی شوہر کو ناراض نرکھی ایسی کہ جو عورت ناراضی شوہر مین شب کو بسر کری نماز
اوس عورت کی قبول نہوگی جب تک کہ اوسکا شوہر اوس سے راضی نہو اور جو عورت کہ خوشبو غیر
مرد کی لیی لگاوی تو نماز اوسکی قبول نہوگی جب تک کہ اوس خوشبو کو پانی سی دہو کی دور نکرے
اور حضرت نی فرمایا کہ تین شخص ہین کہ کوئی عمل نیک اونکا آسمان پر نہین جاتا ایک غلام کہ گریختہ آور
دوسرے وہ عورت کہ جسکا شوہر ناراض ہو آور تیسری وہ شخص کہ جو جامہ اور لباس کو ازراہ تکبر آور
نخوت کی لٹکا کی چلی آور بیچ احادیث معتبرہ کی وارد ہی کہ جہاد مردون کا یہ ہی کہ جان اور مال اپنا راہ خدا
مین صرف کرین یہان تک کہ ماری جاوین آور جہاد عورتونکا یہ ہی کہ شوہر کی رنج اور ایذا دینی
اور دوسرا نکاح کرنی پر صبر کرین آور حضرت رسولخدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نی فرمایا کہ اگر حکم
کرتا مین کسیکو کہ سوای خدا کے اور کو سجدہ کرو تو ہر آئینہ کہتا مین کہ عورتین اپنی شوہرونکو سجدہ کرین
اور حضرت نے فرمایا کہ جس عورت کو کہ اوسکا شوہر واسطی مجامعت کے طلب کری اور وہ عورت جانی
مین اسقدر تاخیر اور دیر کری کہ مرد سو جاوے تو ملائکہ اوس عورت پر لعنت کرتی ہین جب تک
کہ اوسکا شوہر بیدار ہو آور بیچ حدیث صحیح کی حضرت صادق علیہ السلام سی منقول ہی کہ جو عورت
اپنی شوہر سی کہی کہ مین نی ہرگز تجہ سی نیکی نہین دیکہی تو اوس عورت کے اعمال سابقہ سب کے سب جاتی
رہتی ہین آور بیچ اکثر احادیث معتبرہ کی وارد ہوا ہی کہ حق عورت کا مرد پر یہ ہے کہ مرد اپنی عورت کو
سیر کری اور اوسکی بدن کو کپڑا دیوے اور اگر کوئی بدی عورت سی واقع ہو تو مرد اوسکو

بخش دی اور معاف کری اور ترس سے رہنا اور ایک ن بیچ تیل لگانیکو دی اور تیسری روز
گوشت کہانیکو دی اور چہٹی مہینی حنا وغیرہ کا رنگ بو ئی اور رسال بہیجی جار جو بڑی بنا دی
دو چار یکی لیی اور دو گرمی کی واسطی اور جو میوی کہ لوگ کہاتی ہین اوسکو بہی کہلاوے
اور عید کی دونون مین اور دونون سی زیادہ اوسکو اچہا کہلاوے اور پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ
و آلہ نی فرمایا کہ عیال مرد کی قیدی اوسکی ہین پس محبوب ترین نزدیک خدا کے وہ شخص ہے
کہ زیادہ احسان کری اپنی اسیرونکی ساتہ اور بیچ حدیث معتبر کی پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ و آلہ سی منقول
ہی کہ عورتونکی تئین غرفہ اور بالاخانہ پر جگہ رہنی کو مت دو اور لکہنا نہ سکہلاؤ اور سورہ یوسف
اوسکی معنی نہ بتلاؤ اور چرخہ زنی انکو سکہلاو اور سورہ نور انکو تعلیم کرو اور پیغمبر خدا صلی
اللہ علیہ و آلہ نی منع فرمایا عورتونکو گہوڑی پر چڑہنی سی اور فرمایا کہ اگر نیک بات کا
بہی عورت حکم کری تو اوسکو نمانو ایسا نہو کہ اوسکی جرأت بڑہے اور نہین تو پہر برے کام کا
حکم کری اور پناہ خدا سے مانگو بد عورت سی اور نیک عورت سے بہی حذر مین رہو اور حضرت
امام محمد باقر علیہ السلام نی فرمایا کہ اپنا کوئی راز عورت سی نکہو اور اگر یہ عزیزونکی حق مین
کچہ کہین تو اوسمین انکا کہنا نمانو اور حضرت امیر علیہ السلام نی فرمایا کہ وہ مرد کہ جو اپنے کامونکو
عورت کی تدبیر پر رکہی ملعون ہے اور حضرت پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ و آلہ جب ارادہ جنگ کا
کرتی تہی تو اپنی عورتون سے مشورہ فرماتی تہی جو کچہ کہ عورتین مشورہ دیتی تہین حضرت اوسکی
خلاف بجا لاتی تہی اور حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ نی فرمایا کہ جو کوئی کہ اطاعت
عورت اپنی کی کری تو خدا اوندہی منہ اوسکو جہنم مین ڈالیگا عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ
علیہ و آلہ کونسی طاعت مین یہ حال ہوتا ہے حضرت نی فرمایا کہ عورت اپنی مرد سی رخصت طلب
کری سیر کرنی کو اور حمام مین جانیکو اور شادیون مین جانیکو اور عیدگاہ مین جانیکو اور لڑائی مین جانیکو

ور کہتی ہین رنگ کہ جسمین رنگ جلد کا معلوم ہوتی ہی ہر جانبکو مائل اور اوسکا شوہر ان امرونمین اطاعت اوسکی کرے تو خدا
اوسکو اوندہی منہ جہنم مین ڈالتا ہی اور منجملہ حقوق عورت کی اور مرد کی یہ ہی کہ چوتھی مہینی ایکمرتبہ اپنی عورت سی جماع کری
کہ یہ واجب ہے اگر حاضر ہوا اور سفر مین نہو اور کوئی عذر بھی طرفین سی نہو اور اگر ایسی
عورتین رکھتا ہو تو ہر شب ایک عورت کی پاس سووے اور کنیز اور ممتوعہ کی پاس سونا واجب
نہین ہے لیکن بہتر یہی کہ اگر کنیز رکھتا ہووی تو یا خود اوسکی دفع خواہش کری یا کسیکی ساتھ
نکاح اوس کنیز کا کردیوی اسواسطی کہ بیچ بعض اخبار کے وارد ہوا ہے کہ اگر وہ کنیز مرتکب زنا کی ہوگی تو گناہ
اوسکا اوپر مالک کی ہے اور مشہور درمیان علماکے یہ ہی کہ اگر کوئی شخص زن منکوحہ رکھتا ہو اور
دوسرا نکاح زن باکرہ کی ساتھ کری تو سات شبین مخصوص منکوحہ باکرہ کی ہین یعنی سات
شبین اوسکی پاس سووے اور اگر غیر باکرہ ہو تو تین شبین **مقصد دوسرا بیچ بیان آداب زفاف**
و مجامعت کی جاننا چاہئے کہ زفاف کرنا قمر در عقرب اور تحت الشعاع مین مکروہ ہی چنانچہ امام
موسی کاظم علیہ السلام نے فرمایا کہ جو کوئی جماع کری اپنی عورت سے بیچ تحت الشعاع کی پس چاہئے
کہ اسقاط حمل کو اپنی نزدیک سمجھی ہی اور حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نی فرمایا
کہ جماع مکرو بیچ اول ماہ اور وسط اور آخر ماہ کی کہ جو حمل اندنون مین رہتا ہے تو وہ گر جاتا ہے اور
اگر نگرا تو لڑکا دیوانہ یا مبتلا بعارضہ صرع ہوگا آیا نہین دیکھتا ہی تو کہ جسی صرع کا عارضہ
ہوتا ہے اسی سبب سے ہوتا ہی کہ یا اول ماہ یا درمیان ماہ یا آخر ماہ مین جماع واقع ہوا ہے
اور حالت حیض مین جماع کرنا بہت منع ہی چنانچہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ و آلہ نی فرمایا
کہ جو کوئی جماع کری اپنی عورت کی ساتھ بیچ حیض کے پس جو لڑکا کہ اوس حمل سی پیدا
ہوگا مبتلا عارضہ جذام اور پیسی مین ہوگا پس ملامت اور الزام ندی مگر اپنی نفس کو
کہ کیون ایسی حرکت کی اور حضرت صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ دشمن اہلبیت نہین ہے

نکرو شخص کہ ولد الزنا ہووی یا ماں اوسکی حیض مین حاملہ ہوئی ہووی اور اکثر احادیث
معتبرہ مین منقول ہی کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ و آلہ نی فرمایا کہ جب کوئی چاہی کہ اپنی عورت
سی نزدیکی کری تو بطرز مرغ و نکی نکری بلکہ اول صحبت اور اختلاط اور خوشطبعی کری اور اوسکی
بعد مقاربت کری اور پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ و آلہ سی منقول ہی کہ اونحضرت نی فرمایا کہ قسم
کہاتا ہون مین بحق اوس خدا کی کہ جان میری اوسکی قبضہ قدرت مین ہی کہ اگر کوئی شخص عورت
سی اوس مکان مین جماع کری کہ جہان لوگ جاگتی ہون کہ وہ دیکہین یا تو نکی آواز یا سانس کی
آواز سنین پس اگر حمل رہ جاوی تو جو لڑکا کہ پیدا ہوگا رستگار نہوگا اور زناکار ہوگا اور پیغمبر خدا
صلی اللہ علیہ و آلہ نی منع فرمایا صحبت کو بعد احتلام کی اور اگر محتلم بدون غسل کی مقاربت کری اور
اوس سی اگر لڑکا پیدا ہوگا تو وہ دیوانہ ہوگا پس ملامت نکری مگر اپنی تئین اور پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ و
آلہ نی حضرت امیر کو وصیت فرمائی کہ یا علی جماع نکرو بیچ اول ماہ اور وسط ماہ اور آخر ماہ کی
کہ باعث دیوانگی اور جوزہ و خبط دماغ اوس عورت کا اور اوسکی لڑکونکا ہی یا علی مقاربت نکرو بعد پیشین
کی کہ اگر فرزند ہوگا تو بہینگا ہوگا یا علی وقت جماع بات نکرو کہ اگر فرزند ہوگا تو گونگا ہوگا اور نگاہ نکری کوئی طرف فرج کی وقت
جماع کی اور اگر نظر کریگا تو لڑکا اندہا ہوگا یا علی بنظر شہوت خیال اور عورت کا وقت جماع نکرو اوسواسطی
کہ اگر فرزند پیدا ہوگا تو مخنث یا دیوانہ ہوگا یا علی جماع نکرو اپنی عورت کی ساتہ مگر دو رومال
ہووین کہ مرد اپنی واسطی اور عورت اپنی واسطی رکہی اور دونون ایک رومال پر اکتفا
نکرین کہ آغاز دشمنی اور انجام جدائی ہی یا علی استادہ جماع نکرو کہ افعال خرون سی ہی
اور اگر فرزند پیدا ہوگا تو مانند گدہون کی فرش خواب پر بول کریگا یا علی شب عید فطر
مین جماع نکرو کہ اگر فرزند متولد ہوگا تو اہل شر سی ہوگا یا علی شب عید قربان کو جماع نکرو
کہ اگر فرزند پیدا ہوگا تو چہ انگلیان یا چار انگلیان ہاتہ مین ہونگی یا علی نیچی درخت میوہ دار کے

جماع نکرو کہ اگر لڑکا پیدا ہوگا تو جلاد اور کشندۂ مردم یا رئیس سرکردہ ظلمہ ہوگا یا علی سامنی آفتاب
کی جماع نکرو مگر پردہ ڈال کی اسواسطی کہ اگر فرزند پیدا ہوگا تو وہ لڑکا ہمیشہ بدحالی اور پریشانی
مین گرفتار رہیگا یہان تک کہ مرجاے یا علی درمیان اذان اور اقامت کی مقاربت نکرو کہ اگر فرزند
متولد ہوگا خون ریزی پر راغب ہوگا یا علی زن حاملہ سی بی وضو جماع نکرو کہ اگر بی وضو جماع
کرو گی تو جو لڑکا اوس سے پیدا ہوگا وہ بخیل اور کوردل ہوگا یا علی شب نیمہ شعبان مین جماع نکرو کہ اگر
لڑکا پیدا ہوگا تو شوم ہوگا اور اوسکی منہ پر نشان سیاہی کا ہوگا یا علی آخر روز ماہ شعبان مین جماع
نکرو کہ اگر فرزند پیدا ہوگا عشار اور یاور ظالمونکا ہوگا اور بہت سی آدمی اوسکی ہاتہ سی ہلاک
ہونگی یا علی کوٹہی پر جماع نکرو کہ اگر لڑکا پیدا ہوگا منافق اور ریاکار اور صاحب بدعت ہوگا یا علی جب
سفر کی لیے جاؤ تو اوس رات کو جماع نکرو کہ اوس رات کو اگر جماع کرو گی اور اوس سے لڑکا پیدا ہوگا
تو وہ لڑکا مال کو ناحق صرف کریگا اور اسراف کرنی والی برادر شیاطین کے ہین اور اگر تین منزل
کا سفر ہو تو اثناے سفر مین جماع نکرو کہ لڑکا یاور ظالمونکا ہوگا یا علی شب دوشنبہ کو جماع کرو
کہ اگر لڑکا پیدا ہوگا تو وہ حافظ قرآن اور راضی بقسمت خدا ہوگا یا علی اگر جماع کرو تم شب سہ شنبہ کو
تو جو لڑکا کہ اوس حمل سی پیدا ہوگا تو بعد از سعادت اسلام اوسکو شرف شہادت حاصل ہوگا
اور دل اوسکا رحیم اور دہن اوسکا خوشبو اور ہاتہ اوسکا جوان مرد اور زبان اوسکی
غیبت اور بہتان سی پاک اور بری ہوگی یا علی اگر جماع کرو تم شب پنجشنبہ کو تو جو لڑکا کہ پیدا ہوگا حاکم
ہوگا حکام شرع سی یا عالم ہوگا اور اگر پنجشنبہ کو دوپہر کو وقت جماع عورت سی کرے تو اوس
لڑکی کی نزدیک شیطان نہین آتا جب تک کہ وہ پیر ہو اور حقتعالی اوسکو سلامتی دنیا اور
دین روزی کریگا یا علی اگر مقاربت کرو تم شب جمعہ کو فرزند جو پیدا ہوگا دانایان مشہور سے
ہوگا اور اگر جماع کرو تم شب جمعہ کو بعد از نماز خفتن امید ہے کہ وہ فرزند ابدالسی ہوگا یا علی اول

ساعت شب میں جماع نکرے کہ اگر فرزند پیدا ہو تو خوف ہی کہ ساحر اور جادوگر ہووے اور دنیا
کو آخرت پر اختیار کرے یا علی اس وصیت کو مجھ سے سیکھو جس طرح کہ میں نے جبرئیل ع سے سیکھا اور حضرت
نے فرمایا کہ اگر چاہے کہ شیطان شریک جماع نہو تو بوقت جماع کہے بسم اللہ الرحمن الرحیم
اور حضرت امیر المومنین علی بن ابیطالب علیہ الصلوۃ والسلام سے منقول ہی کہ جو کوئی
ارادہ مقاربت کا کرے تو اوس وقت کہے بسم اللہ و باللہ اللہم جنبنی الشیطان
وجنب الشیطان ما رزقتنی پس اگر لڑکا پیدا ہو گا تو شیطان ہرگز اوسکو ضرر نہ پہونچا
سکیگا **مقصد تیسرا** بیچ بیان تاریخ ہای سعد و نحس مطلق ماہ و مخصوص ہر ماہ اور ایام ہفتہ
موافق ترجمہ مرحوم مغفور سید عبد اللہ صاحب کی کہ اونہوں نے ترجمہ کتاب جدول کا
باین عنوان کیا ہی کہ پہلی تاریخ میں پیدایش حضرت آدم ع کی ہی اور واسطے ہر مطلب اور حاجت
کی اور واسطے حضوری پادشاہوں کی اور واسطے سفر اور طلب علم اور خرید و فروخت چارپایوں کی
خوب ہے اور جو فرزند کہ بیچ اس دن کی پیدا ہو فراخ روزی ہووے دوسری تاریخ روز ولادت حضرت
حوا کا ہی اور نکاح کی اور گھر بنانے اور کاغذ معاملات لکھنے اور حاجات طلب کرنے کی لیے بہت خوب
ہی اور جو فرزند کہ اس روز میں پیدا ہو نیک تربیت پاوے تیسری تاریخ نحس ہے اور اچھی نہیں
ہی کسی کام کی لیے چوتھی تاریخ روز پیدایش ہابیل فرزند آدم ع کا ہی اور واسطے کھیتی اور شکار
کرنے کی اور چارپایوں کی پکڑنے کی بہت نیک ہی اور مکروہ ہی بیچ اوسکی سفر کرنا کہ خوف مارے جانے
اور لٹ جانے کا رکھتا ہی اور جو فرزند کہ پیدا ہو مبارک ہو پانچویں تاریخ روز ولادت قابیل کا
ہی کہ اوسنے اپنے بھائی کو یعنی ہابیل کو مارا اور روز نحس ہے کسی کام کی واسطے مبارک نہیں ہے
چھٹی تاریخ نیک ہی واسطے نکاح کی اور حاجت طلب کرنے کی اور جو کہ سفر کرے اس روز میں دریا
کا یا خشکی کا اپنے گھر کو سلامت پھر آوے اور نیک ہی واسطے شکار کرنے اور خرید کرنے چارپایوں کی

اور جو خواب کہ بیچ اس روز کی دیکھی تعبیر اوسکی بعد ایک روز کی ظاہر ہو ساتوین تاریخ
نیک ہی واسطی سب کامونکی خصوصاً واسطی عمارت اور عروسی اور شکار اور طلب روزی
کی اور جو لڑکا کہ اس روز مین پیدا ہو فراخ روزی اور نیک تربیت ہو آٹھوین تاریخ نیک ہے
واسطی خرید و فروخت کی اور جو کہ پادشاہ پاس جاوی حاجت اوسکی بر آوی اور بد ہی واسطی
سفر کرنی دریا اور خشکی کی اور واسطی جنگ کی نوین تاریخ نیک ہی واسطی سب کامونکی اور جو کہ
اس روز دشمن سی لڑی غالب آوی اور جو کہ سفر کری مال اوسکی تئین روزی ہو اور جو فرزند کہ
پیدا ہو نیک اور فراخ روزی ہو اور جو خواب کہ اس دن مین دیکھا ہو اثر اوسکا اوسی روز
ظاہر ہو دسوین تاریخ روز ولادت حضرت نوح ہی جو کوئی کہ اس روز مین پیدا ہو عمر
بڑی ہو اور فراخ روزی ہو اور نیک ہی واسطی خریدنی اور بیچنی اور سفر کرنی اور
کھیتی کرنی کی گیارہوین تاریخ روز ولادت حضرت شیث ہی اور نیک ہی واسطی خرید
اور فروخت اور سفر کرنی کی اور اکثر کامونکی بارہوین تاریخ نیک ہی واسطی نکاح کرنی اور
سفر دریا کی اور جو کہ بیمار ہو صحت پاوی اور جو فرزند کہ پیدا ہو اچھی تربیت پاوی تیرہوین
تاریخ نحس ہی واسطی سب کامونکی چودھوین تاریخ نیک ہی واسطی طلب علم اور خرید اور
فروخت اور سفر اور قرض لینی اور سفر دریا کی اور جو فرزند کہ اس روز مین پیدا ہو ظالم ہو اور
عمر اوسکی دراز ہو اور راغب طرف علم کی ہو پندرہوین تاریخ نیک ہی واسطی سب کام
کی مگر بری ہی واسطی قرض دینی اور قرض لینی کی سولہوین تاریخ نحس ہے اور کسی کام
کی واسطی اچھی نہین مگر عمارت بنانی کی واسطی اچھی ہی اور جو کہ سفر کری اس روز
تو خوف ہلاکت کا ہی اور جو کہ بیمار ہو شفا پاوی اور جو لڑکا کہ قبل دوپہر کی پیدا ہو بد حال ہو
اور بعد دوپہر کی نیک حال ہو سترہوین تاریخ میانہ ہی یعنی نہ اچھی ہی نہ بری اور

قرض لینا اور دینا اس روز مین خوب ہنین ہی اور جو کہ بیچ اس روز کی پیدا ہو حال اوسکا
نیک ہو ۱۸ اٹھارہوین تاریخ مبارک ہی واسطی خرید اور فروخت اور سفر کی اور جو کہ دشمن
سی لڑی اوسپر غالب آوے اور جو فرزند کہ اس روز مین پیدا ہو حال اوسکا نیک ہو
۱۹ اونیسوین تاریخ روز ولادت حضرت اسحق ہی اور نیک ہی واسطی سفر اور طلب روزی
اور کوشش کرنی کی کامون مین اور طلب علم کی واسطی خوب ہے اور جو فرزند کہ پیدا ہو توفیق
نیک پاوے ۲۰ بیسوین تاریخ میانہ ہی نہ اچھی نہ بری واسطی سفر اور بنانی مکانونکی اور لگانی درختونکے
اور مول لینی چارپایونکی اور جو فرزند کہ پیدا ہو مشقت کی ساتہ زندگانی کری ۲۱ اکیسوین تاریخ
نحس ہے اور جو کہ سفر کری خوف ہلاکت رکہتا ہی اور واسطی مارنی حیوانات کی خوب ہی
۲۲ بائیسوین تاریخ شایستہ ہی واسطی برآنی حاجتونکی اور جانی نزدیک بادشاہونکی اور صدقہ بیچ
اس روز کی مقبول ہی اور بیمار جلدی صحت پاوے اور مسافر جلدی پہر آوے اور واسطی جمیع کامونکی
نیک ہی ۲۳ تیئیسوین تاریخ روز ولادت حضرت یوسف ہی اور نیک ہی واسطی طلب حاجات
اور تجارت اور زن چاہنی کی اور نزدیک بادشاہونکی جانی کی اور جو کہ اس روز مین سفر کرے
غنیمت اور لوٹ بہت اوسکے حاصل ہو اور جو فرزند کہ پیدا ہو نیکو تربیت ہووے ۲۴ چوبیسوین تاریخ
بہت نحس ہے فرعون بیچ اس روز کی پیدا ہوا ہے پس کوئی کام اس روز مین خوب نہین ہے
مگر کار خوب عبادات اور طاعات کے اور واسطی مولود کی بہی خوب نہین ہی ۲۵ پچیسوین تاریخ
نحس ہے پس اس روز مین اپنی تئین نگاہ رکہی اور کسی کام کی واسطی نجاوے کہ بیچ اس روز کی
حقتعالی نی اہل مصر کو ساتہ فرعون کی اپنی آیات یعنی اپنی عذاب مین مبتلا کیا اور واسطی بیمار کے
برا اور حال اوس شخص کا کہ اس روز مین پیدا ہو نیک ہو لیکن بلائی سخت مین مبتلا ہووے اور
آخر نجات پاوے اور روایت سلمان اس روز کی شر سی پناہ لیجاوین طرف خدا کے ساتہ اعمال نیک

نیک کی مانند نماز اور دعا اور تصدق وغیرہ کی چھبیسوین تاریخ نیک ہے واسطے سفر اور سب امر کی ٢٣
کہ جسکا ارادہ کرے مگر نکاح کرنا خوب نہین ہے سبب یہ کہ آخر جدائی ہوتی ہے سو اسطے کہ اس روز مین
دریا شگافتہ ہوا واسطے حضرت موسیٰ کی اور اگر سفر سے اس روز مین پھرے تو گھر مین بچا و ستائیسوین
تاریخ نیک ہے واسطے سب کامونکی اور ایک روایت مین وارد ہوا ہے کہ سفر اس روز مین کرنا خوب ہے
اور واسطے مولود کی بہت نیک ہے اٹھائیسوین تاریخ کو پیدائش حضرت یعقوب کی ہے اور نیک
ہے واسطے سب کامونکی اور جو فرزند کہ پیدا ہو ساتھ غم یا مرض کی یا ضعف چشم کی مبتلا ہو انتیسوین
تاریخ خوب ہے واسطے سب کامونکی اور جو کہ سفر کرے بہت مال پاوے اور ایک روایت مین وارد ہوا ہے
کہ شائستہ ہے واسطے سب کامونکی خصوصاً ملاقات پادشاہونکی اور جو فرزند کہ اس روز مین پیدا ہو تو
وہ برباد ہو گا تیسوین تاریخ نیک ہے واسطے خرید اور فروخت اور تزویج کی اور جو فرزند کہ پیدا ہو
مبارک ہو یہ جدول ہے بیچ بیان تاریخون نیک و بد کہ جو مخصوص ہر ماہ کی اور جو جو
کہ بسبب ولادت یا وفات ائمہ معصومین علیہم السلام نیک اور بد ہو گئی ہین اور جو جو کہ نحس اکبر
مخصوص ہر مہینہ کی ہین پس جانو کہ محرم الحرام مہینہ غم اور اندوہ کا ہے خصوصاً دس روز
پہلی تاریخ سے دسوین تک اور سارا مہینہ بنابر واقع ہونی شہادت جناب خامس آل عبا
علیہ التحیۃ والثنا کی لائق امور خوشی اور شادی کی نہین ہے اور چودہوین اور پندرہوین اور
بائیسوین اسکی نحس اکبری اور پچیسوین کو وفات حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کی ہے
اور بنابر ایک قول کی اٹھارہوین اور بنابر ایک قول کی چوبیسوین صفر المظفر تمام مہینہ
نحس ہے اسواسطے کہ بیسوین تک اسکی چہلم جناب سید الشہدا علیہ السلام ہے اور اہلبیت
علیہم السلام رسم تعزیت اور ماتم داری مین مشغول تھے اور پہلی اور دسوین اور بیسوین اسکی نحس اکبر
ہے اور سترہوین مین وفات حضرت امام علی رضا علیہ السلام کی ہے اور اٹھائیسوین کو وفات

حضرت سید کائنات اور شہادت حضرت امام حسن علیہ السلام کی ہی پس قیام مراسم تعزیت
اور زیارت ان دونون جنابون کی نزدیک ورود رسی زیادہ تر مناسب ہی ربیع الاول دوسرے
مین بنابر بعض روایات کے وفات سید کائنات کی ہی اور بروایت کلینی اٹھوین اور بارہوین کو
وفات حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام کی ہی اور نوین کو عید قتل عمر ہی اور سترہوین
مین تولد جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی اور اسی مہینہ کی سترہوین شب کو
معراج اوس جناب کو ہوئی ہی اور چھبیسوین مین وفات حضرت ابوطالب اور حضرت امام جعفر
صادق علیہ السلام کی ہی اور دسوین اور بیسوین اسکی نحس اکبر ہی اور ایک روایت مین چوتھی ہے
اس مہینہ کی نحس اکبر ہی ربیع الاخر چوتھی کو اس مہینہ کی پیدایش حضرت امام حسن عسکری
علیہ السلام ہی اور ایک قول مین آٹھوین اور ایک قول مین دسوین اس مہینہ کی اور
پہلی اور گیارہوین اور اٹھائیسوین اس مہینہ کی نحس اکبر ہی جمادی الاولی چودہوین
اور پندرہوین کو اس مہینہ کی احتمال وفات جناب فاطمہ علیہا السلام ہی بنابر روایت
زندگانی کرنی اوس معصومہ کی پچہتر روز بعد وفات جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ
کی کہ اٹھائیسوین کو ماہ صفر کی واقع ہوئی بنابر مشہور کی اور بنابر ایک قول کی پندرہوین
کو اس مہینہ کی ولادت حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کی اور دسوین اور گیارہوین
اور اٹھائیسوین اس مہینہ کی نحس اکبر ہی جمادی الاخری تیسری کو اس مہینہ
کی وفات جناب سیدہ کی اور پندرہوین کو اس مہینہ کی ایک روایت مین ولادت
حضرت امام زین العابدین علیہ السلام ہی اور انیسوین شبکو اس مہینہ کی حضرت آمنہ
ساتھ حضرت رسول خدا کی حاملہ ہوئی ہین اور بیسوین کو اس مہینہ کے حضرت فاطمہ ع
پیدا ہوئی ہین اور پہلی اور گیارہوین اور بارہوین نحس اکبر ہی رجب المرجب پہلی

رجب المرجب **پہلی** کو اس مہینے کی ولادت حضرت امام محمد باقر علیہ السلام
ہی اور **دوسری** کو ولادت حضرت امام علی نقی علیہ السلام کی بنا بر ایک
روایت کی ہی اور **تیسری** کو احتمال وفات اور ولادت حضرت امام علی نقی
علیہ السلام ہی اور **دسویں** کو ولادت حضرت امام محمد تقی علیہ السلام کی ہی
اور بنا بر ایک قول کی وفات حضرت امام جعفر صادق ع کی ہی اور **اکیسویں**
کو وفات حضرت فاطمہ علیہا السلام بنا بر ایک قول کی ہی اور **بائیسویں** کو
روز ہلاکت معاویہ ہی اور **تئیسویں** کو زخمی ہوئی حضرت امام حسن علیہ السلام
کا ہی اور **چوبیسویں** کو فتح خیبر ہوئی ہی اور **ستائیسویں** کو روز عید بعثت
یعنی تاریخ مذکور جناب رسولخدا صلی اللہ علیہ وآلہ ساتھ رسالت کی امت پر ظاہر ہوئی
ہیں اور **گیارھویں** اور **بارھویں** اور **تیرھویں** نحس اکبر ہی لیکن نحوست
تیرھویں کی بسبب ولادت حضرت امیر المومنین علی ابن ابی طالب کی زائل ہوگئی
ہی **شعبان المعظم** **تیسری** کو اس مہینے کی روز مبارک ہی اور مشہور
ہی کہ حضرت امام حسین علیہ السلام آج کی دن پیدا ہوئی ہیں اور بنا بر ایک روایت
کی پانچویں کو اور پانچویں کو اس مہینے کی بنا بر ایک روایت کی ولادت حضرت امام
زین العابدین علیہ السلام ہی اور **پندرھویں** شبکو اس مہینے کی ولادت
حضرت صاحب الامر علیہ السلام ہی اور **چودھویں** اور **بیسویں** اور
چھبیسویں اس مہینے کی بنا بر احادیث کی نحس اکبر ہی **رمضان المبارک**
تیسری کو اس مہینے کی انجیل نازل ہوئی ہی اور **دسویں** کو وفات
حضرت خدیجہ کبرا اور **پندرھویں** کو ولادت حضرت امام حسن علیہ السلام کی ہی۔

اور بنا بر ایک روایت کی تاریخ مذکور کو ولادت حضرت امام محمد تقی علیہ السلام کی
ہی اور **اونتیسواین** شب کو اس مہینی کی سر مبارک حضرت امیر المومنین علی ابن ابی
طالب علیہ السلام کو ضربت ابن ملجم ملعون سی ہوچکی ہی اور اکیسوین کو شہادت اون
جناب کی ہی اور بنا بر ایک روایت کی تاریخ مذکور کو وفات حضرت امام رضا علیہ السلام
کی ہی ہی اور **تئیسوین** اور **چوبیسوین** اس مہینی کی نحس اکبر ہی **شوال
المکرم** بنا بر بعضی روایات کی نکاح عائشہ کا بیچ اسکی واقع ہوا ہی **دوسری**
اور **چھٹی** اور **آٹھوین** نحس اکبر ہی **ذی القعدۃ الحرام گیارہوین**
کو اسکی ولادت حضرت امام رضا علیہ السلام کی ہی اور یہی دن وفات حضرت
امام محمد تقی علیہ السلام کا ہی اور **پندرہوین** کو بنا بر ایک قول کی اور بنا بر
بعض اقوال کی وفات اوس جناب کی آخر مین اس مہینی کی واقع ہوئی ہی **پچیسوین**
کو دحو الارض ہی یعنی اسی روز زمین نیچی کعبہ معظمہ کی بچھائی گئی ہی اور بیچ اسی رات
کی حضرت ابراہیم اور حضرت عیسیٰ پیدا ہوی ہین اور حضرت صاحب الامر اسی روز ظہور فرماوینگے
ان شاء اللہ تعالیٰ اور **چھٹی** اور **دسوین** اور **اٹھائیسواین** اس مہینی کی
نحس اکبر ہی **ذی الحجۃ الحرام ساتوین** کو اس مہینی کی وفات حضرت
امام محمد باقر علیہ السلام کی ہی اور **پندرہوین** کو ولادت حضرت امام علی نقی ع
کی ہی اور **اٹھارہوین** کو عید غدیر ہی اور **چوبیسوین** کو عید مباہلہ ہی **ستائیسوین**
کو بنا بر ایک قول کی ولادت حضرت امام علی نقی علیہ السلام کی ہی اور **آٹھوین بیسوین** اور **اٹھائیسوین**
اس مہینی کی نحس اکبر ہی یہ جدول ہی بیان مین سعد اور نحس ایام منقبہ کی بنا بر احادیث
آئمہ معصومین علیہم السلام کی **فی جمعہ** سردار دنون کا اور بہتر بن عیدون کا ہے

اور حدیث مین وارد ہوا ہی کہ آفتاب طلوع اور غروب ہین کرتا بیچ کسی دن کی کہ افضل اور
بہتر جمعہ سی ہو اور اس دن مین ایک ساعت ہی کہ قبول ہوتی ہین بیچ اوس ساعت
کی دعائین اور مبارک ہی واسطی تزویج اور نکاح کی اور سنت ہی بیچ اوسکے
غسل کرنا اور حمام مین جانا اور سر مونڈانا اور ناخن اور شارب لینا اور پیش از نماز
جمعہ کی سفر کرنا مکروہ ہی اور ایک روایت مین وارد ہوا ہی کہ جو کوئی سفر کری قبل
نماز جمعہ کی تو ندا کرتا ہی ایک فرشتہ کہ نہ پہیری تجکو خدای تعالی **روز شنبہ**
حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نی فرمایا کہ خدا نی مبارک کیا ہی واسطی امت
میری کی صبح اور شام روز ہفتہ اور روز پنجشنبہ کو اور سب کاموں کی واسطی خوب
ہی خصوصا سفر کرنی کی لیے کہ بیچ حدیث کی وارد ہوا ہی کہ اگر ایک پتہر دور ہو
روز شنبہ کو اپنی جا سی تو البتہ حق تعالی اوسکو اوسکی جگہ پر پہیرتا ہی **روز
یکشنبہ** خوب ہی واسطی عمارت بنا کرنی اور شادی کرنی کی اور میانہ ہی
اکثر کاموں کی واسطی **روز دوشنبہ** نحس ترین دنوں کا ہی اور واسطی کسی کام کی مبارک
نہین اور سفر کرنا بیچ اس روز کی اور واسطی حاجت کی جانا بہتر نہین ہی اسواسطی کہ ماتم
بیچ اس روز کی وارد ہوئی ہی اور منسوب ہی یہ روز طرف بنی امیہ کی کہ روز عید اور روز سرور
اون لوگون کا تہا **روز سہ شنبہ** میانہ ہی واسطی اکثر کاموں کی اور بیچ حدیث
کی وارد ہوا ہی کہ سفر کرو بیچ اس روز کی کہ خداوند عالمیان نی آہن کو واسطی داؤد کی بیچ اس
دنکی نرم کیا تہا اور منقول ہی کہ جسپر حاجت دشوار ہو تو اوسکو طلب کری روز سہ شنبہ
مین **روز چہارشنبہ** نحس ہی اور واسطی اکثر کاموں کی شایستہ نہین اور نہی
وارد ہوئی ہی نورہ لگانا سی اور سفر کرنی سی بیچ اس روز کی اور بیچ بعضی روایات کی

تجویز سفر وارد ہوئی ہی روز پنجشنبہ مبارک ہی اور واسطی سفر کا ہونی خوب ہے
خصوصا واسطی طلب حاجت اور سفر کرنی کی یہ جدول ہی بیان مین تاریخہای نحس اکبر ہر مہینی
کی جو بنا بر ایک روایت کی دو دن اور بنا بر ایک روایت کی ایک دن نحس ہوتا ہی پس نحس اکبر
جو مخصوص محرم الحرام کی ہین وہ گیارہوین اور چودہوین اور بائیسوین ہی اور صفر المظفر
کی پہلی اور دسوین اور بیسوین اور ربیع الاول کی چوتھی اور دسوین اور بیسوین اور ربیع الآخر
کی پہلی اور گیارہوین اور اٹھائیسوین اور جمادی الاولی دسوین اور گیارہوین اور اٹھائیسوین
اور جمادی الآخر کی پہلی اور گیارہوین اور بارہوین اور رجب المرجب کی
گیارہوین اور بارہوین اور تیرہوین اور شعبان المعظم کی چودہوین اور
بیسوین اور چھبیسوین اور رمضان المبارک کی تیسری اور بیسوین اور چوبیسوین اور
شوال المکرم کی چھٹی اور دسوین اور آٹھوین اور ذی القعدۃ الحرام کی چھٹی
اور دسوین اور اٹھائیسوین اور ذی الحجۃ الحرام کی آٹھوین اور بیسوین اور اٹھائیسوین تمام
ہوا احوال تاریخہای سعد و نحس شہور و ایام ہفتہ موافق ترجمہ سید عبد اللہ صاحب مغفور کی اب جانو
کہ واسطی قطع کرنی لباس کی اس طرح سی حدیث وارد ہوئی ہی روی عن النبی صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم من قطع الثوب یوم الاحد لایکون له مبارکا ومن قطع الثوب یوم
الاثنین یکون له مبارکا ومن قطع الثوب یوم الثلثا خرقه او سرقه سارق
او یغرق ومن قطع الثوب یوم الاربعا یرزق البهائم الکثیر یعصمه تعب ومن قطع
الثوب یوم الخمیس یرزق العلم ومن قطع الثوب یوم الجمعة یطول العمر ومن قطع
الثوب یوم السبت یکون مریضا ما دامت الثوب فی بدنه الا ان وهب او باع
محصل اس حدیث کا یہ ہی یعنی روایت کی گئی ہی پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے

کہ جو شخص کہ قطع لباس کری اتوار کے دن نہ مبارک ہو گا وہ لباس واسطی
اوس شخص کے اور جو شخص کہ قطع لباس کرے دوشنبہ کو ہو گا وہ لباس اوس
شخص کے لیے مبارک اور جو شخص کہ قطع لباس کرے سہ شنبہ یعنی منگل کے
دن تو جل جایگا وہ لباس یا چورا لیجائینگے اوسکو چوریا ڈوب جایگا اور جو شخص کہ قطع
لباس کری چارشنبہ کو یعنی بدھ کو تو عطا کریگا حق تعالے اوس شخص کو چار پائے
بہت سے بغیر تعب کے اور جو شخص کہ قطع لباس کرے پنجشنبہ کو عطا کریگا
اوسکو حق تعالی علم اور جو شخص کہ قطع لباس کرے جمعہ کو طولانی ہو سکے عمر
اور جو شخص کہ ہفتہ کو قطع لباس کری رہیگا وہ مریض اور بیمار جب تک کہ وہ کپڑا
اوسکی بدن مین رہی مگر یہ کہ ویڈالے اوس لباس کو یا پھاڑالے اور یہ سے ہے
جانا چاہیے کہ واسطے پہننے لباس کے کوئی تاریخ و دن مخصوص نہین ہی بلکہ جو
تاریخ اور دن کہ اچھا ہو اوس روز پہنے کہ تاریخ نحس و روز شوم مین کوئی کام کرنا
نہین چاہیے فقط والحمد للہ اولاً و اخراً و ظاہراً و باطناً والصلوۃ علی محمد وآلہ

الطیبین الطاہرین حررہا العشرین من شہر
ربیع الثانی سنہ ۱۲۶۶ من الہجرۃ علی
صادعہا الاف السلام والصلوۃ
وانا العبد الضعیف
السید مصطفی وفقہ
اللہ لما یحب

واہر ضی

دعاء هلال

أيها الخلق المطيع الدائب السريع المتردد في منازل التقدير المتصرف في
فلك التدبير آمنت بمن نور بك الظلم واوضح بك البهم وجعلك آية من آيات ملكه
وعلامة من علامات سلطانه وامتهنك بالزيادة والنقصان والطلوع والافول
والانارة والكسوف في كل ذلك انت له مطيع والى ارادته سريع سبحانه ما اعجب ما دبر
في امرك والطف ما صنع في شانك جعلك مفتاح شهر حادث لامر حادث
فاسئل الله ربي وربك وخالقي وخالقك ومقدري ومقدرك
ومصوري ومصورك ان يصلي على محمد وآله وان يجعلك هلال بركة لا تمحقها
الايام وطهارة لا تدنسها الآثام هلال امن من الآفات وسلامة من السيئات
هلال سعد لا نحس فيه ويمن لا نكد معه ويسر لا يمازجه عسر وخير لا يشوبه شر هلال
امن وايمان ونعمة واحسان وسلامة واسلام اللهم صل على محمد وآله واجعلنا من ارضى
من طلع عليه وازكى من نظر اليه واسعد من تعبد لك فيه ووفقنا فيه للتوبة
واعصمنا فيه من الحوبة واحفظنا من مباشرة معصيتك واوزعنا فيه شكر
نعمتك والبسنا فيه جنن العافية واتمم علينا باستكمال طاعتك فيه المنة
انك المنان الحميد وصلى الله على محمد وآله الطيبين الطاهرين

حاشیه متعلق صفحه ۲۱ سطر ۱۲

بدانکه آخوند مجلسی طاب ثراه در مقام ترجمه حدیث را بنوعی فرموده اند که درین مقام ابهام ظاهر
نمی آید قال العلامة اعلی الله مقامه فی زاد المعاد هرکه زیارت کند امام حسین ع را در دهم محرم
یا گریان شود نزد قبر شریف آنحضرت پس ملاقات کند خدا را با ثواب دو هزار هزار حج و دو هزار هزار
عمره و دو هزار هزار جهاد که همه آن با رسول خدا و ائمه بدا نموده باشد الخ مخفی مباد که اصل
حدیث در مصباح متهجد وغیره باین عبارت مذکور است من زار الحسین بن علی علیهما
السلام یوم عاشوراء من المحرم حتی یظل عنده باکیاً لقی الله عز وجل
یوم القیمة بثواب الفی حجة والفی عمرة والفی غزوة کثواب من حج واعتمر
وغزا مع رسول الله ص ومع الائمة الراشدین و در کامل الزیارة بلفظ الفی الف حجة الخ
واقع است پس مفاد حتی یظل عنده باکیا ترجمه اش چنین باید که هرکه زیارت کند امام حسین ع را
در دهم محرم تا اینکه گریان شود نزد قبر شریف آنحضرت نه بر نهجیکه فرموده اند که یا گریان شود چه ازظاهر
ترجمه جناب ایشان تردید مفهوم میشود و لا یدل علیه ظاهر العبارة الا ان فی اصل الحدیث البکاء داخل
فی کیفیة الزیارة و احتمال دارد که لفظ تا فرموده باشند و آن بدون الحاق لفظ اینکه در امثال چنین مقام
راست نمی آید و علی هذا القیاس لفظ دو هزار هزار است چه در حدیث لفظ الفی واقع است و ترجمه الفی
دو هزار است نه دو هزار هزار که عبارت از بست لکه باشد و موافق نسخه کامل الزیارة ترجمه هزار هزار میشود
که دران لفظ الف الف واقع است و محصل الف الف ده لکه است نه دو هزار هزار پس ترجمه جناب آخوند رحمه الله
مطابق هیچیک نیست کما هو الظاهر علی المتامل مگر اینکه آن جناب لفظ دو در ترجمه خود از لفظ الفی
موافق نسخه متهجد و تکرار الف از نسخه کامل الزیارة اخذ فرموده ترجمه بدو هزار هزار از راه اشتباه
فرموده باشند بعجیب نیست ط

منه عفی عنه

حاشیه متعلق صفحه ۲ سطر ۸

بدانکه مولانا مجلسی طاب ثراه وجعل الجنة مثواه در زاد المعاد سند حدیث چنین فرموده
و تمام زیارت مشهوره پس شیخ طوسی و قولویه و غیر ایشان رحمة الله علیهم روایت
کرده اند از سیف بن عمیره و صالح بن عقبه و هر دو از محمد بن اسمعیل و علقمه بن محمد
حضرمی و هر دو از مالک جهنی که حضرت امام محمد باقر ع فرمود الخ و آن خالی از توهم
و اشتباهی در سند نمیباشد چه شیخ طوسی روایت نموده سند آن حدیث را از محمد بن
اسمعیل بن بزیع و محمد بن اسمعیل از صالح بن عقبه و ایشان از پدر خود و پدر ایشان از ابی جعفر ع
نه از صالح بن عقبه از محمد بن اسمعیل زیرا که طبقه صالح بن عقبه مقدم و پیشتر است از محمد بن اسمعیل
بزیع مؤخر چنانچه شیخ ابو جعفر طوسی در رجال نوشته که محمد بن اسمعیل در زمان و اصحاب حضرت
موسی کاظم و امام رضا و جواد علیهم السلام بوده اند و سیف بن عمیره و صالح بن عقبه از
اصحاب حضرت امام جعفر صادق و موسی کاظم علیهما السلام فلا یلیق له روایتهما عن محمد بن
اسمعیل عن ابی جعفر ع و صاحب کامل الزیارة سند حدیث را باین عنوان ذکر نموده حدثنی
حکیم بن داود و غیره عن محمد بن موسی الهمدانی عن خالد الطیالسی عن سیف بن عمیرة
و صالح بن عقبة جمیعا عن علقمة بن محمد الحضرمی و محمد بن اسمعیل عن صالح بن عقبة عن مالک
الجهنی عن ابی جعفر الباقر علیهما السلام و این هر دو سند غیر سند شیخ است فکلام المجلسی ره
لا یطابق شیئا منهما کما لا یخفی هذا ملخص ما افاده سیدی و سندی و کاظمی فی امور

روحی فداه فی

المجالس المفجعة

منه عفی عنه

ملحقات رسالہ اعمال الصالحین

جب اضعف العباد تحریر رسالہ سی فارغ ہوا اور روہ ملاحظہ احباب مین گذرا تو بعض احبائے روحانی نے مجسی ذکر کیا کہ اکثر عوام کثرت اسناد و تاثیرات دعا دیکھکر تعجب کرتی ہین اور بداعتقادی سی کہتی ہین کہ ہمنی سابقاً اکثر دعائین کہ جو کثیر الاسناد و کثیر التاثیر منقول ہین انکو بطریق تجربہ و امتحان پڑہا مگر جیسا کہ اثر منقول تہا ویسا نپایا یہ سب لکہا ہی دیکہو اور بعض اشخاص کہ فی الجملہ علم سی بہرہ رکہتی ہین وہ یہ کہتی ہین کہ جو اول روز علم الٰہی مین گذرا ہی اور مقدر مین لکہا ہی وہ ہونا ہی دعا کی پڑہنی سی تقدیر نہین بدلتی بس دعا کا پڑہنا اور طلب حوائج کرنا عبث و بی فائدہ بلکہ طلب خلاف تقدیر و علم الٰہی کی کرنا ہی یہ سنکر مجکو کمال احتراق اور رنج ہوا اور اوسکا جواب جو کچہ کہ اوسوقت ذہن ناقص مین آیا دیا گیا چنانچہ عوام کی جواب مین کہا مین کہ یہ جو عوام کہتی ہین کہ سابقاً اکثر دعائین کثیر الاسناد و کثیر التاثیر بطریق تجربہ پڑہین کچہ اثر منقول نپایا تو اون لوگون نی بطریق منقول نہ پڑہی ہونگے اگر بطریق منقول پڑہتی تو یقینی تاثیرات مکتوبہ ظاہر ہوتی یا وہ عوام اوس جماعت مین سی ہونگی کہ جنکی دعائین قبول ہوتی یا ایسی امر کی لیی دعا کی ہوگی کہ اوس امر کی لیی دعا مستجاب نہین ہوتی یا اوس جماعت مین سے ہون کی کہ دعا اوس جماعت کی بتاخیر مستجاب ہوتی ہے اور تفصیل ہر ایک کی کتب مبسوطہ مین مندرج ظاہر ہی کہ ہر چیز کی لیی کچہ شرائط ہوتی ہین اسیطرح دعا کی لیی بہی کچہ شرائط ہین جب انسان دعا کو باوقات و شرائط پڑہیگا تو یقینی اثر اوسکا ظاہر ہوگا چنانچہ منجملہ اور عمدہ شرائط دعا سی اعتقاد و صدق دل ہی اور احادیث مین بتاکید مذکور ہی کہ داعی وقت دعا کی اعتقاد کامل اور یقین واثق اجابت کا رکہتا ہو اور اگر تاخیر اجابت مین ہو تو دل تنگ دعا سی اور ناامید مطلب سے نہو بلکہ مکرر دعا کو پڑہی اور اعتقاد

اس امر کا گمان کری کہ مصلحت تاخیر اجابت مین ہو گی اور جو کچھ کہ خدا نسبت بندہ کے اپنے کرتا ہی عین
مصلحت ہی پس جبکہ عوام ضعیف الاذعان بطریق تجربہ و امتحان بدون لحاظ اوقات و شرائط
دعا کو پڑھین اور یقین پہلی یہی اسکا ہو کہ دعا اثر نکری کی یہ بد اعتقادی اور عدم یقین کہ اعظم
اسباب عدم اجابت مین سی ہی اگر ایسی دعا قبول نہو تو اسمین دعا کا اور حدیث کا کیا قصور
چنانچہ منقول ہی کہ کسی شخص نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سی عرض کی کہ دو آیتین قرآن
مین کہ اوسکا کچھ اثر مجہکو نہین ظاہر ہوتا حضرت نے فرمایا کہ وہ کونسی آیتین ہین اوسنی عرض کی کہ ایک
اونمین سی قول حقتعالی کا اُدْعُونِی اَسْتَجِبْ لَکُم معنی ظاہری اس آیہ کی یہ ہین کہ دعا
کرو تم مجہسی قبول کرونگا مین واسطی تمہاری فقط اس واسطی کہ مین دعا کرتا ہون اور حقتعالے
اجابت نہین کرتا یہ سنکی حضرت نی فرمایا کہ آیا تجویز کرتا ہی تو اس امر کو کہ خدا خلف وعدہ کرتا ہے
اوس شخص نے عرض کی کہ یہ نہین کہہ سکتا حضرت نی فرمایا کہ ہرگاہ خدا اخلاف وعدہ کے
نہین کرتا پس موجب عدم اجابت کا کیا ہی اوسنی عرض کی کہ مین نہین جانتا حضرت نے
فرمایا کہ مین تجکو خبر دیتا ہون اور بتلاتا ہون کہ جسوقت کہ آدمی اطاعت اور فرمان برداری
حق سبحانہ و تعالی کے کری اون باتون مین کہ جسمین اوسنی حکم کیا ہی اور بعد اوسکی جو کچھ
کہ طریق دعا کا ہی اوسکا لحاظ اور خیال رکہی البتہ حق سبحانہ تعالی اوسکی دعا کو مستجاب
فرماویگا اوس شخص نے عرض کی کہ طریق دعا کا کیا ہی حضرت نی فرمایا کہ پہلی حمد خدا اور ثنا
اوسکی کری بعد اوسکی نعمتہای خدا کو یاد کری اور اوسکا شکر کری بعد اوسکی درود اوپر محمد ص
و آل محمد کے بہیجی بعد اوسکی اپنی گناہون کو یاد کری اور اوسکی طلب آمرزش خدا سی کری
یہ ہی طریق دعا کا الی آخر الخبر اور قریب اسکی ہی جو کچھ کہ علی بن ابراہیم علیہ الرحمہ نی اپنی تفسیر مین
لکہا ہی کہ کسی شخص نے حضرت کی خدمت مین آکر عرض کی کہ فدا ہون مین آپکی بدرستیکہ حق تعالے

فرماتا ہی اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ اور مین دعا کرتا ہون اور مستجاب نہین ہوتے حضرت نی فرمایا کہ سبب مستجاب نہونیکا یہ ہی کہ تم لوک اپنا عہد کو وفا نہین کرتی یعنی جو جو کہ تم خدا سی عہد و پیمان و توبہ و استغفار کرتی ہو او سپر ثابت نہین رہتی فی الواقع جیسا کہ حضرت نی ارشاد کیا اسیطرح ہی کلام الملوک ملوک الکلام اسلیٔی کہ خدا فرماتا ہی اَوْفُوْا بِعَھْدِیْ اُوْفِ بِعَھْدِکُمْ آمدم برسر مطلب یہ سنکی اون احباب نی فرمایا کہ آداب و شرائط و اوقات دعا کی کیا مین حقیر نی بالاجمال کچہ اوسکا بہی ذکر کیا اونہونی فرمایا کہ ان چیزونکا ذکر رسالہ مین ضرور تہا کہ لوک اوس سی آکاہ ہوتی اور بشرائط مشغول دعا ہوتی کہ فائدہ اوسمین زیادہ تر تہا اور زبان طعن کو بند کرتی عذر کیا کیا کہ چونکہ ایسی چیزین مختصرات مین نہین ہوتین بلکہ کتب مبسوطہ مین ہوتی ہین لہذا قلم انداز کیا اور اب وقت ہی ایسی چیزون کی تحریر کا نہین باقی رہا لکن اون صاحبون نی عذر کو قبول نکیا اور بکمال اصرار سی کہا کہ کیسا مقام جسطرح ہو جلد لکہ دو پس بسبب اصرار اونکی کے ایک مقدمہ اور سات فائدہ بیچ اس مقام کو بالاجمال تحریر کیا مقدمہ بیچ فضیلت دعا اور متضمن اوپر جواب مانعین دعا کی پوشیدہ نرہی کہ آیات متکاثرہ و روایات متظافرہ اصحاب عصمت سی بکثرت بیچ فضیلت دعا کی وارد ہوی ہین منجملہ اوسکی قول حقتعالی کا ہی اِذَا سَئَلَکَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ اُجِیْبُ دَعْوَۃَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْیَسْتَجِیْبُوْا لِیْ وَالْیُؤْمِنُوْا بِیْ لَعَلَّھُمْ یَرْشُدُوْنَ یعنی وقتیکہ سوال کرین تجسی ای محمد صلعم بندی میری پس کہہ تو بدرستیکہ مین نزدیک ہون مین اور قبول کرتا ہون مین دعا کو طلب کرنی والی کی وقتیکہ مجسی طلب کرین پس چاہیی کہ اجابت دعوت میری کی کرین اور ایمان ساتہ میری لاوین شاید کہ راہ راست کو پہونچین

فضیلت دعا

اور یہی قول حقتعالی کا اُدْعُونِی اَسْتَجِبْ لَکُمْ یعنی دعا کرو مجھسی تا اجابت کروں مین دعا
تمہاری اور یہی فرماتا ہی قُلْ مَا یَعْبَأُ بِکُمْ رَبِّی لَوْلَا دُعَاؤُکُمْ یعنی کہہ ای محمد صلعم کہ
کچھ قدر نہین ہی تمہاری نزدیک پروردگار میری کی اگر نہ دعا اور عبادت تمہاری ہو
و فی الحدیث القدسی فاسئلونی اکفکم واهدکم سبیل رشدکم یعنی بیچ حدیث
قدسی کی آیا ہی کہ سوال کرو مجھسی تا کفایت مہمات تمہاری کی کروں مین اور ہدایت کروں نیز
تمہاری تئین ساتہ راہ نیک کی قال امیر المؤمنین ع الدعاء ترس المؤمن و متی
تکثر قرع الباب یفتح لک یعنی دعا سپر مومن کی ہی آفات سی اور جب بہت کوٹو کی در کی
تئین البتہ کھل جائیگا واسطی تمہاری یعنی جب دعا مکرر کرو کی مستجاب ہو گی اور بیچ کتاب کافی کی
ثقۃ الاسلام محمد بن یعقوب کلینی رحمۃ اللہ نی لکہا ہی کہ جناب رسالتمآب صلعم نی فرمایا کہ آیا بتلاؤں نیز
تمہاری تئین وہ سلاح کہ نجات دی تمکو دشمنوں تمہاری سی اور ہمیشہ فراخ روزی کری تمکو عرض کی
کہ ہاں یا رسول اللہ صلعم فرمایا کہ دعا کرو پروردگار اپنی سی شب و روز بدرستیکہ سلاح مومن دعا ہی
اور بعض روایات مین وارد ہوا ہی کہ دعا بیچ نماز کی افضل ہی قراءۃ قران سی اور ایک روایت
مین ہی کہ دعا نجات دیتی ہی دشمنوں سی اور جاری کرتی ہی روزی کو اور حضرت رسول صلعم نی فرمایا
کہ سلاح مومن اور عماد و ستون دین اور نور آسمانہا و زمینہا دعا ہی اور بیچ کتاب کافی کے
حضرت امام محمد باقر ع سی منقول ہی کہ جو کوئی دعا کری فضل خدا سی فقیر نہو اور اوسی جناب سے
کسی شخص نے سوال کیا کہ کونسی عبادت افضل ہی حضرت نی فرمایا کہ کوئی چیز خدا کی نزدیک
سوال کرنی سی اور حاجت طلب کرنی سی بہتر نہین ہی اس لیے کہ خدا حاجت طلب کرنی کو بہت دوست رکھتا ہے
اور کوئی دشمن خدا کی نزدیک اوس شخص سی زیادہ نہین ہی کہ سرکشی کری عبادت خدا سی اور سوال
نکری و اس چیز کا کہ نزدیک واس خدا کی ہی اور پیغمبر خدا ص سی منقول ہی کہ ہر گاہ بندہ نماز سے

فارغ ہوتا ہی اور اپنی خدا سی کسی چیز کا سوال نہین کرتا تو حقتعالی ملائکہ سی فرماتا ہی کہ نظر کرو
طرف اس بندہ میری کی کہ فریضہ کو ادا کیا اور حاجت اپنی کی اتئین مجسی سوال نہ کیا گویا یہ
بندہ بی نیاز و بی غرض ہی مجسی پس نہ قبول کرو اور نہ لو اسکی نماز کو اور اسکی نماز کو اسکی
منہ پر مارو اور بیچ کتاب کافی کی حضرت امام محمد باقر ع سی منقول ہی کہ حضرت نی میسر سے
فرمایا کہ ای میسر دعا کر اور یہ نہ کہہ کہ جو کچہ کہ مقدر مین ہی وہ ہو گا بدرستیکہ نزدیک خدا کی
ایک منزلت ہی کہ اوس منزلت کو نہین پہونچتا مگر سوال کرنی سی اور بدرستیکہ جو کوئی اپنی دہان کو
بند کری اور خدا سی کسی چیز کو طلب نکری خدا اوسکو کوئی چیز نہین دیتا اور بہی منقول ہی
کہ دعا قضای مبرم کو دور کرتی ہی اور بلای نازل کو دفع کرتی ہی پوشیدہ نرہی کہ جسطرح کہ دعا
قضای مبرم کو دور کرتی ہی اور بلای نازل کو دفع کرتی ہی اسیطرح تصدق بہی قضای مبرم کو
دور کرتا ہی اور بلای نازل کو دفع کرتا ہی چنانچہ منقول ہی کہ ایک روز حضرت عیسیٰ ع کا گذر
ہوا ایک قوم پر کہ وہ عروس یعنی دولہن کی تئین آراستہ کیی اوسکی شوہر کی گہر لیی جاتی تھی
حضرت عیسیٰ نی پوچہا کہ یہ کون ہی لوگون نی عرض کی کہ یہ فلان عورت فلان شخص کے
بیٹی ہی کہ اسکی شادی کیی شوہر کی گہر لیی جاتی ہین حضرت نی فرمایا کہ آج اس عروس کو بشاد
و سرور لیی جاتی ہو اور کل اسپر روئیگی کسی شخص نے اوس قوم مین سی پوچہا کہ کیون کل روئین گے
حضرت نی فرمایا کہ یہ دولہن رات کو مر جائیگی پس مومنین نی تصدیق کلام حضرت کی کی اور
منافقین نی کہا کہ صبح قریب ہی دیکہیں گے پس جب صبح ہوئی تو اوس دولہن کو زندہ و سلامت پایا
پس لوگ حضرت کی خدمت مین دوڑی آئی اور خبر دی کہ یا حضرت وہ زندہ و سلامت ہی حضرت نے
فرمایا کہ یفعل اللہ ما یشاء آؤ تم ہمراہ میری تا کہ نزدیک عروس کی چلو نین اور حقیقت حال کو
اوس سی دریافت کرون کہ آیا کونسا عمل اوس سی واقع ہوا کہ وہ باعث دفع بلا کا ہوا پس وہ

جناب دروازہ عروس پر تشریف لای اور دق الباب کیا یعنی دروازیکو کہٹکہٹایا پس شوہر اور
عروس کا باہر نکلا حضرت نی اوسکی شوہر سی فرمایا کہ اپنی عورت سی اجازت میری اندر آنیکی لے
کہ تا اوس سی ملاقات کرون شوہر نے حقیقت حال کو عروس سی بیان کیا اوس عورت نے
نقاب کو اپنی سر پر ڈال لیا اور حضرت عیسیٰ داخل خانہ ہوئی پس حضرت نی اوس عورت سی
پوچہا کہ شب کو تجہسی کونسا عمل واقع ہوا ہی عروس نے عرض کی کہ کوئی عمل تازہ نہین ہوا مگر جو کچہ
کہ سابق مین کیا کرتی تہی اور وہ یہہ ہی کہ ہر شب جمعہ کو ایک فقیر میری دروازی پر آیا کرتا تہا
اور مین اوسکو کچہ دیا کرتی تہی اور یہہ شب جمعہ کہ شب عروسی میری کی تہی اور مین بامور شادی
مشغول تہی اور اسیطرح عزیز و اقارب میری ہر ایک ایک ایک کام مین مشغول تہی پس فقیر نے
ہر چند سوال کیا مگر کسینی جواب ندیا جب آواز فقیر کی میری کان مین پہونچی مین لوگوں سے
اپنی تئین پوشیدہ کر کی اوٹہہ کہڑی ہوئی اور موافق معمول کی خیرات اوسکو دے
حضرت عیسیٰ نی فرمایا کہ تو اپنی جگہہ سی اوٹہہ کہڑی ہو جب وہ دولہن اپنی جگہہ سے اوٹہی
تو اوسکی زیر لباس سی ایک مار سیاہ نکلا کہ وہ اپنی دُم اپنی دانتوں سی چبا رہا تہا حضرت
عیسیٰ نی فرمایا کہ برکت سی اوس صدقہ کی کہ جو شب کو دیا تہا تو نی یہہ بلا تجہسی دفع ہوئی اب تہہ کر
اسی قبیل کے روایات کہ جو دلالت بر فضایل و مشتمل بر منافعت کہنی کلمہ رکیکہ کہ جو مقدر مین
لکہا ہی وہ ہو کا کتب مبسوطہ مین بکثرت مذکور ہین کہ احاطہ اون سب کا مشکل ہی پس طالب تفصیل کو
لازم ہی کہ رجوع کری طرف رسالہ بدا و مسئلہ لوح محفوظ و محو و اثبات کی اور دیکہے
کہ سیئات و عمل بد کسقدر سبب و باعث نزول بلا و اسقام کی ہین اور اعمال حسنہ مثل ادعیہ
ماثورہ و انفاق مطلق خصوصاً وہ انفاق و اعانت کہ جو ساتہہ سادات کے ہو کیسا
دخل محو سیئات و دفع بلاہای سخت و قضاہای مبرم و ازدیاد عمر و درجات مین ہی

یمحو اللہ ما یشاء و یثبت و عندہ ام الکتاب بس انسانکو مطالعہ قول خدا اور
رسول خدا کی جن چیزونمین کہ حکم کیا ہی اور اجتناب و احتراز اون کلمات سی کہ جسکی
مذمت وارد ہوئی ہو لازم و ضروری ہی لیکن کہ ایسی کلمات از قسم وسواوس شیطانی بشراکت
شرور النفس خود ہین نعوذ باللہ من شرور انفسنا و من سیئات اعمالنا **فائدہ پہلا**
بیچ بیان اوس جماعت کی کہ جسکی دعا اکثر مستجاب ہوتی ہی اور محجوب نہین ہوتی اور وہ پانچ دعا ئیں
ہین دعا حاکم عادل کی اور دعا مظلوم کی اور دعا فرزند صالح کی واسطی پدر و مادر کی اور
دعا پدر صالح کی واسطی فرزند اپنی کی اور دعا برادر مومن کی واسطی برادر مومن غائب کی
بس خدا اوس مومن سی فرماتا ہی کہ واسطی تیری دو چند ہی اوس چیز کا کہ جو برادر مومن غائب
کی لیی طلب کیا **فائدہ دوسرا** بیچ صفات داعی کی چاہیی کہ بیچ وقت دعا کی باز گشت
اپنی بخدا کرتا ہو اور توبہ گناہوں سی کی ہو اور دعا اوسکی واسطی قطع رحم خویشان کی نہو
اور دعا کرنی والی کی غذا اور پوشاک مال حرام اور رشوت حرام سی نہو اور حرام سی پرورش پائی ہو
اور داعی پاک ہو مظالم بندگان خدا سی یعنی حقوق خلائق کی اوسکی ذمہ مین نہون اور چاہیی
وظالم نہو اور ہنگام دعا کی پرہیز رکھی غذای حرام اور نامشروعات سی اور نیت صادق ہو
اور دعا واسطی دفع ایسی ظلم کی کہ جو خود مثل اوس ظلم کی کسی پر کیا ہو نکری اور قبل دعا کی تمامی
گناہان سی توبہ و اجتناب کری اور بعد دعا کی بہی تا بر آمدن حاجات پرہیز رکھی تا جلد حاجت
بر آوی اور دعا از روی اخلاص کے کری کہ دل اوسکا کدورات اور شوائب بدیسی پاک ہو اور
دعا مین توجہ تمام ہو کہ دل اور زبان دونو متوجہ رہین اور داعی باطہارت اور معطر ہو اور ہاتہ
مین انگشتر فیروزہ اور عقیق ہو اور پیش از دعا قدری تصدق دیوی اور بہتر او اور داعی کو یہ بہی
کہ حسن ظن اور اعتقاد کامل رکہتا ہو اور اعتقاد اس امر کا رکہی کہ بزودی حاجت روا ہو گی

اور دعا پنہان بہتر ہی آشکارا سی اور مومنین غائبین کو دعا مین شریک کرے کہ خدا دو چند اوسکو عطا کرتا ہے
اور قبل دعا کی حمد و ثنائی الٰہی بجا لاوی و باسمائی و اوصاف شریفہ خدا کو یاد کری اور ابتدا اور اختتام
مین صلوات او پر محمد و آل محمد کی بہیجی اور استغفار کری اور نعمتہای خدا کا اقرار کری اور بیچ دعا کے
مبالغہ اور الحاح بکمال مرتبہ کری اور بچشم گریان دعا کری کہ بعض روایات مین وارد ہوا ہی
کہ گریہ علامت اجابت ہی اور اگر رونا نہ آوی تو آواز و صورت رونی کی بناوی اور سزاوار ہی
کہ وقت دعا کی حاجت کو ذکر کری اور بخضوع و خشوع مشغول دعا ہو اور اگر قضائی حاجت میں
تاخیر ہو تو دعا کو ترک نکری اور نا امید نہو بلکہ اعتقاد اسکا رکہی کہ مصلحت خدا تاخیر اجابت مین ہی اور
جو کچہ کہ خدا نسبت بندہ اپنی کی کرتا ہی محض لطف و عین مصلحت ہی **فائدہ تیسرا** بیچ اوقات
اجابت دعا کی پس و شب و روز ہای قدر خصوصاً شب و روز بست و سوم [۲۳] کہ یہ تینو شبین ماہ رمضان کے
معظم مین ہین اور روز مولود پیغمبر خدا ص کہ وہ سترہوین [۱۷] ربیع الاول کی ہی اور شب و روز مبعث کہ وہ
ستائیسوین [۲۷] رجب کی ہی اور شب و روز عید فطر اور عید قربان اور شب و روز عرفہ کہ وہ نہم ذیحجہ ہی خصوصاً
اوس شخص کے لیے کہ جو عرفات یا کربلائی معلا مین ہو اور شب و روز عید غدیر کہ وہ ہجدہم [۱۸] ذیحجہ ہے
اور اول شب از ماہ رجب و بروایتی تمام شب و روز ماہ رجب و روز و شب نصف رجب و شب
نیمہ شعبان و روز مباہلہ صاحب مہج الدعوات فرماتی ہین کہ روایات صحیحہ اور معتبرہ سی مجکو معلوم ہوا ہی
کہ دو محل نماز پیشین کہ آفتاب درمیان راست کی ہو اور وقت و محل اذان نماز کی اور روز جمعہ اول
ساعت ظہر کے اور آخر ساعت جمعہ کے اور دو دانگ آخر ہر شب اور تمام شب ہر جمعہ کی اور وقت برسنے
باران کی اور بعد نماز ہای فریضہ کے اور بعد نماز مغرب کی جب سجدہ کری اور خوف و ترس کے
وقت اور وقت نرمی کی اور وقت گریہ باخلاص کے دعا ان سب وقتوں مین مستجاب ہی بعد اسکے
صاحب مہج الدعوات کہتی ہین کہ بعضی اوقات ان وقتوں سی روایات صحیحہ سے مینی معلوم کیی اور

بعضی اوقات کو مینی خود آزمایا انتہی کلامہ اور حقیر نے اکثر مرات تجربہ کیا کہ وقت اضطرار وانصرام
کی بہت جلد دعا مستجاب ہوتی ہی اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَیَكْشِفُ السُّوْٓءَ
اور حضرت امیر المومنین ع سے منقول ہی کہ چار وقت دعا کو غنیمت جانو بعد قراۃ قرآن کی
اور نزدیک اذان کی اور نزدیک نزول باران کی اور بہ ہنگام بین الصفوف کہ دونو
صفین واسطی جدال و قتال کے کہڑین ہون اور بعضی روایت مین ہی کہ نزدیک گرنی قطرہ
خون مومن مقتول کے کہ اوسوقت درہای آسمان کہل جاتی ہین اور یہی منقول ہے
کہ چار وقت دعا مستجاب ہوتی ہی بیچ نماز وتر کی اور بعد نماز فجر کی اور بعد نماز ظہر کی اور بعد نماز
مغرب کی اور بعض روایات مین ہی کہ سحر سی تا طلوع آفتاب وقت اجابت دعا ہی کہ
اوسوقت درہای آسمان کہل جاتی ہین اور روزی قسمت ہوتی ہی اور حاجات روا ہوتی ہین
اور بعضی روایات مین ہی کہ وقت رقت قلب کے وہ رقت کہ جو از راہ خلوص واسطی خدا کی
ہو اوسوقت دعا کرو کہ وہ علامت اخلاص و استجابت دعا کی ہی اور منجملہ اوقات اجابت جسوقت
کہ خطیب خطبہ جمعہ سی فارغ ہو اوسوقت سی تا وقتیکہ صفین سیدہی اور درست ہون
اور مابین اذان واقامت کی دعا قبول ہی فقط **فائدہ چوتہا** بیچ بیان امکنہ اجابت کے
پس افضل امکنہ روضہ منورہ حضرت امام حسین علیہ السلام و مسجد الحرام و عرفات و مشعر
الحرام و مزدلفہ و مسجد مدینہ و مسجد کوفہ و مراقد منورہ حضرات ائمہ معصومین صلوات اللہ علیہم اجمعین
بلکہ مزارات شہدا و صالحین ہی یہہ تہا بیان اجمالی طریق دعا کا اور طالب تفصیل جاہی کہ
رجوع کری طرف کتب قدیمہ کی پس وای برحال جہلای زمان کہ طریق دعا کو پس پشت
ڈال کی الفاظ دعا کو بطریق تجربہ و امتحان زبان پر اسطرح سی غلط سلط بدون صحت
الفاظ و حروف جاری کرین کہ دل تو مشغول طرف امور فاسدہ کی ہو اور زبان کو

ایسی جلد حرکت ہو کہ لفظ سمجھہ مین نہ آوی اور خوش اعتقادی کا یہہ حال کہ یقین واثق عدم اجابت و تاثیر کا پہلے سی راسخ ہو اور دعا کا ہی واسطی اغراض فاسدہ دنیویہ کی ہو خوش اعتقادی ایسی صحت الفاظ ویسی کہ جو بیان ہوئی او سبز ترصد یہ کہ دعا تمام نہونی پای کہ جو اثر ظاہر ہو والا نہ کلمات بیہودہ و کفر آمیز حدیث و کلام امام کی باب مین زبان پر جاری کرین **فائدہ پانچوان** بیچ بیان اسباب تاخیر اجابت دعا کی مخفی نرہی کہ بیشتر جو دعا کا اثر ظاہر نہین ہوتا بس سبب اسکا بظاہر دو حال سی خالی نہین ایک تو یہ کہ دعا کرنی والا گناہ کار و مردود درگاہ پروردگار ہو تو اس صورت مین احتمال اجابت و عدم اجابت دعا کا دونون ہی تو ہو سکتا ہی کہ اثر دعا کا اس صورت ظاہر نہو یا ظاہر ہو تو بعد مدت کی ظاہر ہو دوسرے سبب اوسکا یہ کہ دعا کرنی والا مقبول بارگاہ کبریا و صاحب صلاح و پرہیزکار ہو بس اس صورت مین اجابت مین تاخیر نہین ہوتی مگر ظہور اثر مین کبھی تاخیر ہوتی ہی چنانچہ اکثر علما اسباب تاخیر اجابت مین اسطرح بیان فرماتی ہین کہ منجملہ اسباب تاخیر دعا زیادتی صلاح و پرہیزکاری ہی یعنی جسوقت حق سبحانہ تعالی بندہ اپنی کی تئین دوست رکہتا ہی تو کبھی ایسا ہوتا ہی کہ حق سبحانہ چاہتا ہی کہ آواز مناجات بندہ اپنی کی سنا کری تو ہنگام مناجات موکلین اجابت سی خدا فرماتا ہی کہ روا کرو اسکی حاجتکو مگر تاخیر کرو تا بندہ جلیل مکرر مناجات کری چنانچہ جابر بن عبد اللہ انصاری سی روایت کی ہی کہ جناب رسالتمآب صلعم نی جو کچھہ فرمایا حاصل مضمون اوسکا یہہ ہی کہ کبھی ایسا ہوتا ہی کہ دوست خدا واسطی کسی امر کی حق سبحانہ تعالی سی دعا کرتا ہی تو حق سبحانہ تعالی جبرئیل سی فرماتا ہی کہ حاجت اسکی کو روا کر لکن اوسمین تاخیر کرنا یعنی ظہور اثر مین تاخیر کرنا بس بدرستیکہ مین دوست رکہتا ہون کہ آواز بندہ اپنی کی ہمیشہ سنو مین اور کبھی ایسا ہوتا ہی کہ دشمن خدا دعا کرتا ہی اور حق سبحانہ و تعالی جبرئیل سی کہتا ہی

کہ حاجت کو اسکی روا کرکہ مکروہ رکھتا ہون مین سننا آواز اوسکی کو الی آخر الخبر پس خوشحال
اوس مرد مومن کا کہ جسکی آواز اور مناجات پسند و خوش بارگاہ کبریا ہو اور ویل و
خسران واسطی اوس شخص کی کہ جسکی آواز مکروہ و مردود درگاہ ہو مضمون حدیث سے
عوام کو غرابت نہو اسلیے کہ اسکا نظیر دنیا مین یہہ ہی کہ اکثر رئیس جو دکی دروازی پر اگر
فقیر خوش آواز و مناقب اگر سوال کرتا ہی تو اکثر یہہ ہی کہ بمجرد سوال کی تحویلدار سی
خیرات دینی کا حکم کرتی ہین اور کبھی ایسا ہوتا ہی کہ اوسکی آواز و مناقب جو بہت خوش
معلوم ہوتا ہی تو خادم سی کہتی ہین کہ اسکو خیرات دو مگر تاخیر کرکی دینا کہ تا سائل مناقب
کو ترک نکری اور اسیطرح اکثر یہہ ہی کہ سائل بدسیرت و بدآواز کی طرف امرا متوجہ ہی نہین ہوتے
چہ جائی عطائی مال مگر کبھی ایسا ہوتا ہی کہ سائل بدآواز و بدسیرت کی آواز باعث سمع
خراشی و حرج اوقات کی ہوتی ہی اور وہ سایل خادم کی دفع سی دفع ہی نہین ہوتا تو رئیس
خادم سی حکم کرتا ہی کہ اسکو جلد کچہ دیکر دفع کرو فقط **فائدہ چھٹا** بیچ بیان اشخاص عدم
اجابت کے اور وہ بہت ہین منجملہ آن چار شخص ہین کہ بیچ حدیث کی مذکور ہین اول وہ شخص کہ جو
گھر مین بیٹہا رہی اور سعی و کوشش روزی کی نکری اور کہہ بیٹھی کہی اللّٰهم ارزقنی یعنی بارخدا روزی
عطا کر مجھی پس حقتعالی اوسکی جوابمین فرماتا ہی کہ آیا مینی کیسطرح کی سبیل طلب روزی کی واسطے
تیری نہین کے یعنی ہاتہ و پاون واسطی تلاش کے عطا کیے تا تلاش روزی کیون نہین کرتا دوسرے
وہ شخص کہ جسی خدانی روزی عطا کی ہو اور وہ اوسکو غیر راہ خدا مین صرف کرڈالی اور کہی اللّٰهم
ارزقنی پس حقتعالی اوسکی جوابمین فرماتا ہی کہ آیا مینی تجکو روزی نہین دی تیسری وہ شخص
کہ اپنی عورت پر ظلم کری اور دعای بد واسطی اوسکی کری تو حقتعالی فرماتا ہی کہ آیا سبیل افتراق
کی نہین فرمائی یعنی تو طلاق کیون نہین دیتا جو تہی وہ شخص کہ کسی کو مال قرض دیے اور اپنے

قرض دینی پر گواہ نکری اگر قرض لینی والا انکار کری اور مالک یعنی قرض دہندہ اوسکی واسطی بددعا کری تو خداوند کریم فرماتا ہی کہ آیا میں نی حکم نہین کیا کہ گواہ کیا کرو اسّتی **فائدہ ساتوان** بیچ بیان اسباب عدم اجابت کی پوشیدہ نرہی کہ اسباب عدم اجابت کی بہت ہین منجملہ آن اختلال یکی از شرائط مذکورہ ہی اور اکثر و اعظم سبب عدم اجابت کا کثرت سیئات و ذنوب ہی اسلئے کہ اکثر گناہ ایسی ہین کہ وہ باعث حبس دعا اور موجب نزول بلا بلکہ باعث قطع امید و رجا کی ہوتی ہین چنانچہ جناب علی بن ابی طالب علیہ الصلوٰۃ والسلام بیچ دعای کمیل کے فرماتی ہین کہ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیَ الذُّنُوبَ الَّتِی تَحْبِسُ الدُّعَاءَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیَ الذُّنُوبَ الَّتِی تُنْزِلُ الْبَلَاءَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیَ الذُّنُوبَ الَّتِی تَقْطَعُ الرَّجَاءَ اور کبہی سبب عدم اجابت کا عدم علم و جہل بندہ کا ساتہ عواقب امور کی ہوتا ہی یعنی کبہی ایسا ہوتا ہی کہ انجاح مسئول بندہ کا بیچ علم الٰہی کے موجب فساد عمل بندہ کا ہوتا ہی چونکہ بندہ بسبب عدم علم او جہل بعواقب امور کی سوای خوبی کی اوسمین کوئی برائی نہین جانتا اسلئی خدا اسّی استدعا و سوال کرتا ہی پس علیم علی الاطلاق بمقتضای علم و حکمت اور بسبب شرافت کے جو بحال بندہ اپنی کی رکہتا ہی اوس مسئول حاجت کو کہ جسمین اوس بندہ کی لئی باعث فساد کا ہو روا نہین کرتا کما یشہد لہ قولہ تعالیٰ وَعَسٰی اَنْ تَکْرَهُوا شَیْئًا وَّهُوَ خَیْرٌ لَّکُمْ وَعَسٰی اَنْ تُحِبُّوا شَیْئًا وَّهُوَ شَرٌّ لَّکُمْ وَاللّٰهُ یَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ تمت الملحقات بحمد اللہ رب البریات یوم الخمیس الحادی والعشرین من شہر صفر المظفر سنۃ سبع وستین بعد الف ومائتین من الہجرۃ المقدسۃ النبویۃ علی صاحبہا والہ القدسیۃ الاف الصلوٰۃ والتحیۃ نمقہ العبد المفتقر الی رحمۃ ربہ الاعلی السید مصطفی صانہ اللہ عن الغفور عن کل محذور و محذور

پوشیدہ نرہی کہ بسبب تعجیل اہل مطبع و قلت فرصت جناب قبلہ و کعبہ دام ظلہ العالی نوبت ملاحظہ فقط اوراق ملحقات کی نہ آئی